© rasailojaraid.com

ٻارجي تعليم ۽ تربيت

سيرتِ طيبه ﷺ جي روشنيءَ ۾

زرينا قاضي (پنوعاقل «سکر»)
شهادت العالميه (وفاق المدارس ملتان)
ايم.اي (انگلش) ايم.اي (اسلامڪ هسٽري)
رسرچ اسڪالر اسلامڪ هسٽري (جامعه ڪراچي)

ABSTRACT:

Prof. Zarina Qazi

The Education and Training of child in the light of Seerat- e- Tayyaba(ﷺ)

Islam is the religion of mankind and it sees all the humanity with the equal eyes .The lowest stage of humanity is child,So for this islam takes much emphasis on the Education and training of the children . For this the theoritical aspect is the Quran and the life of Hazrat Muhammad (ﷺ). The first verse revealed to the messanger (saw)also stress the importance of Knowledge .'Read the name of your lord who created man from a clinging substance,read; your lord is the most Bountiful One ,who taught by the pen ,taught man what he did not know .

The practice aspect of Islam is life of a teacher and massanger prophet Muhammad (ﷺ) and his student Sahaba . The life of the prophet (saw)reflected / lights so many examples how to behave to the children and how to educate them and how to train them .

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

والله جعل لكم من انفسكم ازواجاً وجعل لكم من ازواجكم بنين وحفدة ورزقكم من طيبٰت افبالباطل يومنون وبنعمت الله هم يكفرون(١)

۽ الله اوهان مان جوڙيون جوڙيون اوهان ھار،
۽ جوڙيئين اوهان جي جوين مان پوٽا پٽ قطار،
۽ ڏنان سٺين شين مان روزي رب ستار،
پوءِ ڪ ڪاري ڪوڙ تي آڻي اعتبار،
۽ اهي ڪن انڪار الله جي انعام کان .(٢)

ٻار جي تعليم ۽ تربيت بيحد ضروري آهي ڇاڪاڻ ته ٻار معاشري جو بنيادي رڪن آهي . سٺا ٻار(ماڻهون) جيڪي تربيت يافته ۽ علم جي زيور سان سجيل هوندا اهي معاشري کي جنت جو نمو نو بڻائيندا .۽ هڪ خوشحال معاشري جو بنياد وجهندا جنهن ۾ هر ماڻهون خوشحال زندگي گذاري سگهندا. ان لاءِ رسول الله ﷺ جن جي سيرت ۽ صحابه ڪرامؓ جن جي سيرت بهترين نمونو آهي.

ٻار جي حيثيت ۽ اهميت :

ٻار الله جي نعمتن مان هڪ وڏي نعمت آهي ، ان ڪري اسلام ٻار جي تربيت تي وڏو زور ڏنو آهي اگر ٻار جي تربيت بهتر هوندي ته اهو وڏو تي بهتر انسان ٿيندو. ان لاءِ قرآن ۽رسول الله ﷺ جن جي سيرت بهترين نمونو آهي.

اسلام اڄ کان چوڏهن سو سال اڳ ٻارن سان دلچسپي جي ابتدا ڪئي. اسلام نه صرف ٻار جي ڄمڻ کان پوءِ ان جي خيال رکڻ تي زور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ڏنو ۽ ان جي ڄمڻ کان ڀرپاسن ٿي ان جي حقن جي حفاظت ڪئي .
اسلام ٻار جي ننڍپڻ جي تصوير ڪشي هڪ خوبصورت دنيا جي طور تي ڪئي آهي رجتي خوشي آر حسن آ رخواب جون ڳالهيون آهن ۽ محبت آ هي.(٣)

قرآني آيتن مان ظاهر ٿئي ٿو ته الله پاڪ ٻار ڪي تمام گهڻو پسند فرمايو آهي.

المال والبنون زينت الحيات الدنيا(٤)

ڌن رچڻ رسپ دنيا ۾ رجيئڻ جو جنسار(٥)

يعني ٻار زندگي جي رونق آهن .ٻارن سان ٿي زندگيءَ ۾ مزو آهي.
اڳتي الله پاڪ فرمايو آهي ته هي ٻار توهان جي اکين جي راحت آهن .

ربنا هب لنا من ازواجنا وذرياتنا قرة اعين (٦)

ته ڏيون آل اولاد مان رکي ٺار اکين جي ڪاڻ.(٧)

الله پاڪ اولاد کي اکين جو ٺار فرمايوآهي ته اولاد جي نيڪ صالح هجڻ سان انسان جي دل کي سڪونملندو آهي ۽ روح کي راحت ملندي آهي .۽ انسان اولاد کي پيڇاڙي لاء سڪون ۽ سهارو سمجهندو آهي.پروفيسر خالد علوي لکن ٿا ته:

قرآن مجید نے بچوں کے نعمت ہونے پر شاید زور اس لیے دیا ہے کہ اس سے رویوں کی اصلاح ہوگی قرآنی نقطہ نظر سے بچے اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں ان کی قدر کرنی چاہیے۔انہیں زحمت سمجھ کر ان سے نجات حاصل کرنا نہ صرف کفران نعمت ہے بلکہ انسانی معاشرے کے لیے بے حد نقصان دہ ہے۔ان سے بدسلوکی کرنا،ان کی پرورش میں کوتاہی برتنا اور ان کی تعلیم وتربیت کا انتظام نہ کرنا نسل انسانی کی بقا اور اس کے استحکام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے لیے مضر ہے(٨)

علم جي معنيٰ ۽ اهميت:

علم جي معنيٰ آهي ڪنهن شيءِ جي باري ۾ ڄاڻ حاصل ڪرڻ.

ڪولنس ايڊوانس ڊڪشنري ۾ علم جي تعريف ڪجهه هيئن آهي.

knowledge is information and understanding about which is person has or which all people have (9)

knowledge Education:Information ,Understanding and skills that you gain through Experience(10)

المنجد ۾ علم جي معنيٰ آهي :العلم :حقیقت شیء کو پالینا۔﴿١١﴾

دنيا جي گولي ۾ جيڪي قومون علم جي ميدان ۾ اڳتي آهن اهي ئي زندگيءَ جي هر شعبي ۾ مستحڪم آهن ڇاڪاڻ ته عالم ۽ جاهل پاڻ ۾ برابر نه آهن.سورت زمر ۾ الله پاڪ فرمايو آهي :

قل هل يستوى الذين يعلمون والذين لا يعلمون﴿١٢﴾

چئو ته ڇا علم وارا ۽ جاهل پاڻ ۾ برابر آهن دنيا ۾ عالم کي جيڪو مان ۽ مرتبو ملندو آهي اهو هڪ ارب پتي ما ڻهون کي به نه ملندو آهي .عالم جو احترام ماڻهن جي دلين ۾ هوندو آهي

فاسئلو اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون ﴿١٣﴾

جن ڳالهين جي توهان کي خبر نا هي اهي علم وارن کان پڇو.

ويرى الذين اوتو العلم ﴿١٤﴾

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جن کي علم ڏنو ويو آهي اهي گهرائيءَ سان ڏسندا آهن.

وما يعقلها الا العالمون ﴿۱۵﴾

اهي ماڻهون جيڪي حق ڳالهہ کي سمجهن ٿا اهي علم وارا آهن

بل هو آياة بينت فی الصدور الذين اوتو العلم﴿۱۶﴾

حقيقت اها آهي تہ جن کي علم ڏنو ويو آهي انهن جي دلين تي ڪليل نشانيون آهن.قرآن پاڪ ۾ پيون بہ اهڙيون ڪوڙ آيتون آهن جن مان علم جي اهميت ظاهر ٿئي ٿي .رسول اللهﷺ جن جا بہ تمام گهڻا فرمان آهن جن مان علم جي اهميت جو اندازو ٿئي ٿو:

فضل العالم علی العابد کفضلی علی ادنا کم﴿۱۷﴾

عالم کي عابد تيۡ اهڙي فضيلت آهي جهڙي مونکي توهان مان ڪنهن ادنيٰ انسان تي

ان العلماء ورثة الانباء وان الانبياء لم يورثو دينارا ولا درهما وانما ورثوا هٰذاالعلم فمن اخذه اخذ بحظ وافر.﴿۱۸﴾

علماء انبياء جا وارث آهن ۽ نبين سڳورن ورثي ۾ دينار ۽ درهم نہ ڇڏيا آهن بلڪہ علم ڇڏيو آ هي جنهن ان علم کي حاصل ڪيو ان کي ورثن جو وڏوحصو مليو. مٿيين آيتن مان خبر پوي ٿي تہ قرآن ۽ سيرت طيبہ ۾ علم کي ڪيتري اهميت حاصل آهي

تعليم جي معنيٰ ۽ اهميت:

لغت جي مطابق تعليم جي معنيٰ سکڻ ۽ سيکارڻ جي آهي .

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ليڪن اصطلاح ۾ تعليم سکڻ ۽ سيکارڻ جو اهو عمل آهي جيڪو منظم طور تي تعليمي ادارن ۾ سر انجام ڏنو تو وڃي .فلسفه تاريخ و تعليم جي مصنف لکي

تعلیم کے متعلق کوئی متفق رائے نہیں کوئی کہتا ہے کہ تعلیم انسانی نشونما کو موزون راہوں پر لگانے کا نام ہے۔ کسی نے کہا تعلیم اس عمل کا نام ہے کہ جو انسان کو انسان بناتا ہے۔ کسی کے نزدیک تعلیم اس عمل کا نام ہے جس کے ذریعے انسان کی تمام صلاحیتیں مکمل طور پر نشونما پا سکیں وہ انسان کی کسی ایک پہلو کو ترقی دینے کے بجائے اس کی جملہ صلاحیتوں کو ترقی کا موقعہ دے تا کہ انسان کو زندگی میں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہو سکے (۱۹)

اسلام ۾ تعليم جي اهميت:

تعليم انساني شخصيت جو زيور آهي. ٻار جي نشو نما ۽ تربيت لاءِ تعليم تمام اهم آهي. روايت جي ڪتابن ۾ آهي ته :

علمو اولادكم فانهم مخلوقون لزمان غير زمانكم

توهان پنهنجي ٻارن کي تعليم ڏيو ڇو ته اهي اهڙي زماني جي مخلوق آهن جيڪي توهان جي زماني کان مختلف اهن. ان مان اندازو ٿئي ٿو ته رسول الله ﷺ جي نظر ۾ علم جي ڪيتري اهميت هئي. بدر جي قيدين لاءِ حديث جي ڪتابن ۾ آهي ته انهن کي چيو ويو ته توهان مان جيڪو ڏهن ٻارن کي لکڻ سيکاريندوان کي آزاد ڪيو ويندو .

عن ابن عباسؓ قال: كان الناس من الاسرىٰ يوم بدر لم يكن لهم فداء فجعل رسول الله ﷺ فداء هم ان يعلموا اولاد الانصار الكتابة(۲۰)

اسلام ۾ تعليم کي تمام گهڻي اهميت حاصل آهي .اسلام تعليم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جي حصول تي تمام گھڻو زور ڏني تو .حضور ﷺ جن حضرت عبدالله ابن عباسؓ جي لاء دعا ڪندي فرمايو : اللهم فقهه في الدين. اي الله هن کي دين جي سمجهه عطا فرماء .پروفيسر خالد علوي لکن ٿا ته :

اسلامی اصول وقوانین نہایت شدومد کے ساتھ تعلیم کی اہمیت پر زور دیتے ہیں اور اسے حسن معاشرت کا ذریعہ قرار دیتے ہیں تعلیم میں دینی معلومات کے ساتھ دنوی زندگی میں کام آنے والے علوم بھی شامل ہیں۔اسلام اس بات کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ سب کچھ حاصل کیا جائے جسے دماغ اور حواس علم کے طور پر حاصل کر سکیں اور جس سے انسان اپنی معلومات میں وسعت پیدا کر سکے۔فاروق اعظمؓ نے مسلمانوں کو حکم دیا تھا کہ وہ اپنے بچوں کو تیراکی،شکار، اور گھوڑے سواری سکھائیں۔اس دور میں گھڑ سواری اور شکار عربوں مین مقبول تھا آج کے حالات میں جو علوم انسانی زندگی کے لیے مفید ہیں ان کا حصول ضروری ہے۔فاروق اعظم آج کے دو میں ہوتے تو وہ ان علوم کے اکتساب کا حکم دیتے۔گویا تعلیم میں دینی و دنوی دونوں علوم ضرور ہیں اور بچوں کو قرآن وحدیث اور شریعت وعقیدت کے ساتھ مروجہ سائنسی وعمرانی علوم کا سکھانا والدین کی ذمہ داری ہے۔(۲۱)

تربيت:

اسلام ۾ ٻار جي تربيت تي تمام گھڻو زور ڏنو ويو آهي . ان جي تربيت ۾ سڀ کان پهريون ان جو حق آهي ته ان ٻار جو سٺو نالو رکيو وڃي.حضرت عبدالله ابن عباسؓ کان روايت آهي ته :

ان مـن حـق الـولـد علىٰ الوالدان يحسن اسمهٗ
وان يحسن ادبه (۲۲)

اگر ڪنهن جو نالو صحيح نه هجي ته ان جو نالو بدلائڻ گهرجي. حضرت عائشه فرمائن ٿيون ته رسول الله ﷺ قبيح نالن کي بدلائي ڇڏيندا هيا.(۲۳) ۽ ٻار جي تربيت ان جا والدين ڪن ته جيئن ٻار ۾

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ڪوئي محرومي جو احساس نه رهي ۽ هو هڪ پر اعتماد ۽ ڪارائتو شهري بنجي سگهي .اسلام ۾ ٻچون ڪا مقام ۾ آهي ته:

يہ بچے کا حق ہے کہ اس کا والد یا والدہ اس کی تربیت کرے تا کہ وہ ان پر اعتماد کرے اور وہ ایسی سرگرمیوں میں مصروف رہے جو اس کی شخصیت کو توانا بنائیں۔یہ بات بچے کو اجازت دیتی ہے کہ وہ اپنے آپ کو ایک ذمہ دار شخص بنائے۔اور اس روش سے بچے کہ وہ اپنی روزی کے لیے دوسروں پر انحصار کرے یا وہ محسوس کرے کہ تمام زندگی دوسرے ہی اس کے لیے ذمہ دار ہیں(۲۴)

تربيت ۾ سڀ کان اهم جيڪا شيءِ آهي اهو آهي ادب .تعليم سان گڏو گڏ ادب ۽ احترام سيکارڻ به ضروري آهي .ادب ۾ سڀ کان پهريون اسلامي آداب سيکارڻ آهن. حضرت عمر فاروقؓ جن جو قول آهي ته:

من لم يؤدبت الشرع فلا ادبة الله (٢٥)

”جنهن کي شريعت مودب نه ڪري ان کي الله به مودب نه تو ڪري“

والدين جو فرض آهي ته هو ٻار ۾ سٺيون عادتون ,سٺا اخلاق سيکارن ۽ ٻار ۾نظم و ضبط پيدا ڪن .رسول الله ﷺ جن جو فرمان آهي ته:

عن جابر بن سمرةؓ قال :قال رسول الله ﷺ :

لان يؤدب احدكم ولدهٔ خيرلهٔ من ان يصدق بصاع (٢٦)

”توهان مان جيڪو پنهنجي ٻار کي ادب سيکاري ٿو اهو هڪ صاع خيرات ڪرڻ کان بهتر آهي.“

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اسلام ٻار جي صحيح تربيت کي خيرات ڪرڻ کان وڌيڪ چڱي والدين جي حوصله افزائي ڪئي آهي.ته جيئن هو ٻارن جي سٺي تعليم ۽ تربيت جو انتظام ڪن . رسول الله ﷺ جن جو فرمان آهي ته:

اکرمو اولادکم و احسنو ادبهم (٢٧)

”پنهنجي ٻارن جي عزت ڪريو ۽ انهن کي ادب سيکاريو“

معاشري جي ترقي ۽ بهتري جو دارو مدار ٻارتي آهي ان ڪري ٻار جي تعليم ۽ تربيت تي اسلام تمام گهڻو زور ڏنو آهي .ڊاڪٽر خالد علوي لکن ٿا ته:

بچے کی تعلیم وتربیت اس لیے بھی اہم ہے کہ وہ معاشرے کی اساس ہے۔ فرد سے خاندان اور خاندان سے معاشرہ وجود میں آتا ہے۔ اچھے افراد جو تعلیم یافتہ اور زیور علم سے آراستہ ہونگے وہ معاشرے کو جنت کا نمونہ بنائیں گے، وہ ایسا ماحول تشکیل دیں گے جس میں تمام افراد خوشحال زندگی بسر کرسکیں گے۔ غیر تربیت یافتہ افراد کے نتیجہ میں غیر مہذب معاشرہ وجود میں آتا ہے۔ جو مزید انتشار اور فساد کا باعث بنتا ہے۔ اس لیے اسلام نے بچے کی تعلیم وتربیت دونو پر زور دیا ہے اسے آزاد اور بے مہار نہیں چھوڑا۔ (٢٨)

اسلام ٻار کي زندگيءَ جا آداب سيکارڻ لاءِ تفصيل سان هدايتون ڏنيون آهن .والدين کي گهرجي ته ٻارن جي ڄمڻ سان ئي تربيت ڪن .انهن جي مزاج مطابق آهسته آهسته اسلامي آداب سيکاريندا وڃن .کائڻ پيئڻ ,ڳالهائڻ ٻولهائڻ,والدين ۽ وڏن سان عزت سان پيش اچڻ رهاڪيزگي ۽ صفائي جو خيال رکڻ اِهي اُهي ڳالهيون آهن جيڪي والدين پنهنجي ٻارن کي سيکاري انهن جي بهتر تربيت ڪري سگهن ٿا.

روحاني تربيت:

ظاهري ۽ جسماني نشونما کان پوءِ روحاني تربيت جو درجو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

آهي.ان سان ٻار صحيح معنيٰ ۾ انسان بڻبو.۽ اهو معاشري جو اهم رڪن ثابت ٿيندو.قرآن پاڪ جي آيتن مان ظاهر ٿئي ٿو ته اولاد جي روحاني تربيت ڪريو.

يا ايها الذين امنو قو انفسكم واهليكم نارا وقود ها الناس والحجارت عليها ملائكة غلاظ شداد لا يعصون الله ما امرهم ويفعلون جا يؤمرون (۲۹)

”اي ايمان وارو توهان پاڻ کي ۽ پنهنجي گهر وارن کي دوزخ جي باهه کان بچايو جنهن جو ٻارڻ ماڻهون ۽ پٿر آهن جنهن تي طاقتور ۽ مظبوط فرشتا مقرر آهن جيڪي ڪنهن به ڳالهه ۾ خدا جي نافرماني نه ڪندا آهن جيڪو انهن کي حڪم ملندو آهي، ۽ جيڪي حڪم ملندو اٿن اهو پورو ڪندا آهن.

و اصلح لی فی ذريتی انی تبت اليک و انی من المسلمين (۳۰)

۽ منهنجي اولاد کي به نيڪ بڻاءِ مان تنهنجي اڳيان توبه ڪيان تو ۽ مونکي فرمانبردارن مان ڪر.

عن ايوب بن موسیٰؓ عن ابيه ان جده ان رسول الله ﷺ قال: ما نحل والد ولدهٗ من نحل افضل من ادب حسن(۳۱)

بخاري ڪتاب العلم ۾ آهي ته اگر ڪوئي شخص سڄي رات نفل پڙهي ان کان بهتر آهي ته هو ٻار جي سني تربيت ڪري.شاهه ولي الله

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

حجته الله البالغه ۾ ان جي حڪمت عملي لکندي فرمائن ٿا ته :

”چونکہ بچوں کی زندگی میں استقلال نہیں ہوتا اس لیے وہ اپنے والدین کی نگرانی میں زندگی بسر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ سے ماں باپ کے دلوں میں بے پناہ شفقت اور ہمدردی کا جذبہ پیدا کیا ہے تاکہ وہ تربیت اولاد کا کام خوشی سے انجام دیں۔ اور ہر طرح سے ان کے نگران حال رہیں۔ وہ ان کی تربیت ایسے طریقے پر کریں جس سے اس کی آئندہ زندگی سنور جائے اور ضروریات زندگی پورا کرنے کے لیے جائز اور باعزت طریقے پر کمانا جان سکیں، زیور علم سے آراستہ ہوں۔ والدین اپنی اولاد کے بزرگ و محترم ہوتے ہیں اور محسن بھی۔ اور ان کی ظاہری و معنوی تربیت میں انہوں نے وہ تکالیف برداشت کی ہیں جس کا اندازہ لگانا یقیناً مشکل ہے۔(۳۲)

ٻارقوم جو وجود ۽ آئندي جا ابا آهن .انهن سان ئي معاشري جو وجود آهي . معاشرو جهڙي ٻار جي تربيت ڪندو اهڙا ئي مستقبل جا ابا هوندا. ٻار جي سٺي تربيت ان کي معاشري جو بهترين فرد ثابت ڪندي.ان لاءِ اسلام جيڪي اصول ڏنا آهن تمام بهترين ۽ مناسب آهن . آخر ۾ ڪجهه تجويزون پيش ڪجن ٿيون جيڪي ٻار جي تربيت لاءِ ضروري آهن.

١. ٻارن جي نفسيات کي سمجهي انهن جي تربيت ڪجي .

٢. انهن جي لاءِ معتدل ۽ سازگار ۽ نفسياتي الجهنن کان آجو ماحول جوڙيو وڃي.

٣. ٻارن جي لاءِ بهترين تعليمي ادارا قائم ڪجن . جتي هنن جي بهتر تربيت ٿئي .

۴. اخلاق کي تباهه ڪرڻ وارين شين جو خاتمو ڪيو وڃي .

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

٥. صحتمند تفريح گاهون ۽ عمده ڪتاب مهيا ڪيا وڃن.

٦. شروع ڪان ئي ٻارڪي پنهنجي مذهب ۽ رسول ﷲ جي سنت جي ڄاڻ ڏني وڃي ۽ ان سان محبت پيدا ڪئي وڃي.

حوالا

١. سورۃ النحل آیت ۷۲، پارہ ۱۶

٢. ترجمہ حاجی احمد ملاح، نور القران، صفحہ ۳۳۷

٣. ۔اسلام میں بچے کی نگہداشت، اسلامک ریسرچ کونسل جامع الازہر مصر کے تحقیقی مقالات کا مجموعہ، صفحہ ۲۱، ناشر دعوت اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی فیصل مسجد اسلام آباد ۔اشاعت سوم سال ۲۰۰۰ء

۴۔ سورۃ الکہف آیت ۴۶

٥. حاجی احمد ملاح، سندھی ترجمہ، نور القران، صفحہ ۳۶۸

٦۔ سورۃ الفرقان آیت ۷۴

۷۔ ترجمہ حاجی احمد ملاح، نور القران، صفحہ ۴۵۷

۸۔ ڈاکٹر خالد علوی، اسلام میں اولاد کے حقوق، صفحہ ۸، ناشر دعورا کیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد۔ اشاعت دوم سال ۲۰۰۷ء

9. Colins Cobuild,Advanced learners English Dictionary, P.N0797, Harper Collins Publishers The Univeristy of Birmingham.

10. A.s.Hornby,oxford advanced learner s of currunt english Dictionary,Page714 ,Oxford Univeristy Press sixth edition year 2000

۱۱۔ المنجد عربی اردو لغت، ص ۶۷۷، دار الاشاعت کراچی۔

۱۲۔ سورۃ زمر آیۃ ۹، پارہ ۲۳۔

۱۳۔ سورۃ النحل، آیت ۴۳ پارہ ۱۴۔

۱۴۔ سورۃ سبا، آیت ۶، پارہ ۲۲۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۱۵۔ سورۃ عنکبوت، آیت ۴۳، پارہ ۲۱۔

۱۶۔ سورۃ عنکبوت، آیۃ ۴۹، پارہ ۲۱۔

۱۷۔ ترمذی ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ۔ سنن ترمذی

۱۸۔ ابی داؤد سلیمان بن اشعث، ابوداؤد

۱۹۔ کشور اقبال، فلسفہ تاریخ و تعلیم، صفحہ ۱۵، ناشر مجید بوک ڈیپو اردو بازار لاہور۔

۲۰۔ ابن ماجہ محمد بن یزید القزوینی، سنن ابن ماجہ، مقدمہ، صفحہ ۲۰، ناشر مکتب علمیہ بیروت۔

۲۱۔ ڈاکٹر خالد علوی، اسلام میں اولاد کے حقوق، صفحہ ۸، ناشر دعورا کیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد۔ اشاعت دوم سال ۲۰۰۷ء

۲۲ ڈاکٹر سید عزیز الرحمٰن، خانگی زندگی اور اسوہ حسنہ، صفحہ ۲۵، بحوالہ مجمع الزوائد/ ج ۸ ص ۹۳، رقم ۱۲۸۴۹۔

۲۳۔ ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمزی، سنن ترمذی، / ج ۴ ص ۳۸۲

۲۴۔ اسلام میں بچوں کا مقام ان کی نگہداشت، نشونما اور حفاظت، صفحہ ۳۶، ناشر دعوت اکیڈمی انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، اسلام آباد پاکستان۔۔

۲۵۔ ڈاکٹر خالد علوی، اسلام میں اولاد کے حقوق، صفحہ ۸، (بحوالہ ابجد العلوم/ ۱۱۶) ناشر دعور اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد۔ اشاعت دوم سال ۲۰۰۷ء

۲۶۔ ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمزی، سنن ترمذی، / ابواب البر والصلۃ، باب ماجاء ادب الولد ۲/ ۱۷

۲۷۔ ابن ماجہ محمد بن یزید القزوینی، سنن ابن ماجہ، حدیث ۳۸۷۱، کتاب الادب، باب بر الوالد والاحسان الیٰ، ناشر مکتب علمیہ بیروت۔

۲۸۔ ڈاکٹر خالد علوی، اسلام میں اولاد کے حقوق، صفحہ ۲۲، ناشر دعورا کیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد۔ اشاعت دوم سال ۲۰۰۷ء

۲۹۔ سورۃ التحریم۔ آیت ۶۔

۳۰۔ سورۃ الفرقان آیت ۷۴۔

۳۱۔ سنن ترمذی ابواب بر والصلۃ باب ماجاء فی ادب الولد، ۲/ ۴۷

۳۲۔ شاہ ولی اللہ الدہلوی، حجۃ اللہ البالغہ (اردو ترجمہ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

میرے آقا ﷺ

حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ علیہ (بانی دارالعلوم دیوبند)

سب سے پہلے مشیت کے انوار سے نقش روئے محمد ﷺ بنایا گیا
پھر اسی نقش سے مانگ کر روشنی بزم کون و مکاں کو سجایا گیا
وہ محمد بھی، احمد بھی، حامد بھی، محمود بھی حسن مطلق کا شاہد بھی مشہود بھی
علم و حکمت میں وہ غیر محدود بھی ظاہراً امیوں میں اٹھایا گیا
اس کی شفقت ہے بے حد و بے انتہا اس کی رحمت تخیل سے بھی ماورا
جو بھی عالم جہاں میں بنایا گیا ان کی رحمت سے اس کو سجایا گیا
مجھے حشر کا کس لئے ڈر ہو قاسم میرا آقا ہے وہ میرا مولیٰ ہے وہ
جس کے دامن میں جنت بسائی گئی جس کے ہاتھوں سے کوثر لٹایا گیا

سیرت النبی ﷺ پر پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی کی چند اہم تصانیف

- اصول سیرت نگاری، مکتبہ یادگار، شیخ الاسلام، پاکستان، (اردو)، ۲۰۰۳ء، صفحات ۴۲۱
- مکالمہ واتحاد بین المذاہب کی مذہبی بنیادیں، سیرت طیبہ ﷺ اُسوہ انبیاء و کتب مقدسہ کے تناظر میں، مکتبہ یادگار، شیخ الاسلام، پاکستان، (اردو)، ۲۰۰۵ء، صفحات ۴۱۶
- آپ ﷺ کی گفتگو وخطاب کا طریقہ سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں، مکتبہ یادگار، شیخ الاسلام، پاکستان، (اردو) ۲۰۰۷ء، صفحات ۳۲۰
- خدمت خلق ورفاہ عامہ کی اہمیت سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں، مکتبہ یادگار، شیخ الاسلام، پاکستان، اردو، ۲۰۰۵ء، صفحات ۳۰۴
- اسلام کی تبلیغ میں تاجروں کا کردار اور ان کی ذمہ داریاں، قرآن وسیرت طیبہ ﷺ اور تاریخ کی روشنی میں، مکتبہ یادگار، شیخ الاسلام، پاکستان، (اردو) مئی ۲۰۱۰ء، صفحات ۳۱۲

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

گوشہ تعارف و تبصرہ کتب

تبصرہ نگار پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

کتاب کا نام : جَوِّدِ القرآن ۲۰۱۰ء

مصنف : شاہدہ قاری (فون: ۰۳۲۱۲۹۵۹۹۱۲)

ناشر : علوم القرآن انسٹی ٹیوٹ B-69 بلاک 11 گلستان جوہر

قیمت وصفحات : درج نہیں، ۳۵۶ صفحات

تجوید کی تدریس کے لئے نئے زوایے اور اسلوب اختیار کیے گئے ہیں، جس سے یقیناً تجوید کو فروغ حاصل ہوگا۔ پوری کتاب دو کلر میں شائع ہوئی ہے۔

محترمہ نے سبب تالیف بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ مقصد یہ ہے کہ تجوید پر اتنی گرفت حاصل ہو جائے کہ پڑھنے والا دوسروں کو پڑھانے کے قابل ہو جائے، یہی محترمہ کی زندگی کا مشن ہے۔ محترمہ تدریس کا طویل تجربہ رکھتی ہیں، اور اس عمر میں بھی حصول علم کا شوق کم نہیں ہوا، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے ایم اے عربی کر رہی ہیں اور یہی شرف ملاقات کا سبب بنا۔ دعاء ہے اللہ تعالیٰ محترمہ سے دین کی خدمت لے اور اس کوشش و کاوش کو قبول فرمائے، آپ کی شخصیت دیگر خواتین کے لئے قابل تقلید و نمونہ ہے۔ آمین۔ کتاب اس لائق ہے کہ قراء کرام و اساتذہ کرام اس سے استفادہ کریں اور اسے ہر لائبریری کی زینت بنایا جائے۔

مجلہ : پہچان (کتابی سلسلہ) میر پور خاص

ایڈیٹر : تاج قائم خانی / ذوالفقار دانش / کرن سنگھ

قیمت وصفحات : درج نہیں۔ ۱۹۲ صفحات

ملنے کا پتہ : پوسٹ بکس نمبر ۶۳ تاج چیمبرس نیو ٹاؤن میر پور خاص

مجلہ میں ادبی مضامین کے ساتھ افسانے، گیت، غزلیں، نظمیں، ترجمے اور تبصرے شامل ہیں۔ یہ مستقل ماہنامہ یا سالنامہ نہیں، بلکہ کتابی سلسلہ کا عنوان دے کر اس کے شمارے شائع

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کیئے جاتے ہیں، پیش نظر شمارہ اگست ۲۰۱۰ء کا ہے، اور کتابی سلسلہ نمبر ۲۱ ہے۔ متوازن علمی مجلّہ ہے اور علم وادب کے فروغ میں اہم رول ادا کر رہا ہے، ورنہ آج کل ادب کے نام پر فحش رسائل شائع ہو رہے ہیں، یہ ایک قابل قدر کوشش ہے، ادبی ذوق رکھنے والوں کیلئے عمدہ مجلّہ ہے، پروفیسر ذوالفقار دانش صاحب کتب پر تبصرہ تحریر فرماتے ہیں، ضرورت ہے تحقیقی مضامین بھی تحریر فرمائیں جو پی ایچ ڈی کے بعد ان کے لئے بہت مفید ثابت ہوں گے، انشاء اللہ

مجلّہ : ششماہی علوم القرآن انڈیا

ایڈیٹر : اشتیاق احمد ظلی/ظفر الاسلام اصلاحی/ابوسفیان اصلاحی

یہ مجلّہ ۱۹۸۵ء سے شائع ہو رہا ہے، اور اس نے علوم القرآن کے حوالہ سے گراں قدر مقالات شائع کیئے ہیں، ان خدمات کو جناب محمد شاہد حنیف صاحب اور سمیع الرحمٰن صاحب نے زندہ وجاوید بنا دیا ہے۔ چالیس صفحات پر مشتمل یہ اشاریہ بہت شاندار علمی خدمت ہے، محمد شاہد صاحب ادارہ اقبال لاہور کے ملازم ہیں، لیکن رضا کارانہ طور سے بہت جانفشانی کے ساتھ دین و علم کی خدمت میں منہمک ہیں، موصوف نے پیش نظر علوم اسلامیہ کا پانچ سالہ اشاریہ بھی مرتب کیا تھا، اب انشاء اللہ دس سالہ اشاریہ بھی آپ ہی مرتب کریں گے، موصوف نے بہت سے مجلّات کے لئے یہ خدمت انجام دی ہے، جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام اشاریہ ایک CD پر کر کے برائے فروخت مشتہر کر دیئے جائیں تا کہ اہل علم انہیں خرید کر ریسرچ میں مدد لے سکیں۔ اللہ تعالیٰ دونوں حضرات کو دنیاوی و اخروی کامیابی عطا فرمائے۔ آمین۔

فہرست اشاریہ رسائل وجرائد:

دارالعلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک کے ماہنامہ الحق کا ۴۵ سالہ اشاریہ، ص ۵۵۲

القاسم اکیڈمی، نوشہرہ کے ماہنامہ القاسم کا ۱۴/ سالہ اشاریہ، ص ۲۱۴

ادارہ علوم القرآن، علی گڑھ کے ششماہی علوم القرآن کا ۲۵ سالہ اشاریہ، ص ۴۰

ادارہ المیزان، اسلام آباد کے سہ ماہی المیزان کا اشاریہ، ص ۱۶،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور کے مہنامہ محدث کا ۴۵ سالہ اشاریہ (زط)
انجمن خدام، چکوال کے ماہنامہ حق چار یار کا ۲۲ سالہ اشاریہ، ص ۱۸۰
شیخ زائد اسلامک سینٹر، کرچی کے مجلّہ الثقافۃ الاسلامیہ کا ۲۰ سالہ اشاریہ، ص ۳۶
ایران پاکستان ثقافتی کونسل، اسلام آباد کے پیغام آشنا کا ۱۰/ سالہ اشاریہ، ص ۱۰۶
شاہ ولی اللہ اکیڈمی، حیدرآباد کے الرحیم/ الولی کا ۴۵ سالہ اشاریہ، ص ۹۶
اکادمی ادبیات، اسلام آباد کے سہ ماہی ادبیات کا ۲۵ سالہ اشاریہ (زت)
اسلامک فقہ اکیڈمی، کراچی کے ماہنامہ فقہ اسلامی کا ۱۰/ سالہ اشاریہ، ص ۱۰۰
ادارہ ترجمان القرآن، لاہور کے ماہنامہ ترجمان القرآن کا ۷۵ سالہ اشاریہ (زت)
مرکز تحقیق، دیال سنگھ ٹرسٹ، لاہور کے سہ ماہی منہاج کا ۲۵ سالہ اشاریہ، ص ۹۶
انجمن خدام، القرآن، لاہور کے ماہنامہ حکمت قرآن کا ۲۶ سالہ اشارہ، ص ۱۲۴
مجلس تحفظ ختم نبوت، ملتان کے ماہنامہ لولاک کا ۱۴/ سالہ اشاریہ (زط)
اقبال اکادمی، حیدرآباد کے مجلّہ اقبال ریویو کا اشاریہ، ص ۲۶
شعبہ اقبالیات، کشمیر یونیورسٹی کے مجلّہ اقبالیات کا اشاریہ، ص ۱۲
انجمن اساتذہ، کراچی کے مجلّہ علوم اسلامیہ کا ۵ سالہ اشاریہ، ص ۳۶
مجلس ترقی ادب، لاہور کے سہ ماہی صحیفہ کا ۵۰ سالہ اشاریہ، ص ۴۸۸

مجلّہ : ششماہی الایام، ج/۱، ش/۲، جولائی تا دسمبر ۲۰۱۰ء
چیف ایڈیٹر : پروفیسر ڈاکٹر نگار سجاد ظہیر
ناشر : مجلس برائے تحقیق اسلامی تاریخ وثقافت کراچی
قیمت وصفحات : ۲۰۰ روپے۔ ۲۴۸ صفحات

پروفیسر ڈاکٹر نگار سجاد ظہیر صاحبہ کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ سابق صدر شعبہ اسلامی تاریخ جامعہ کراچی رہی ہیں، اب بھی اسی شعبہ سے وابستہ ہیں۔ متعدد کتب کی مصنفہ ہیں، بے شمار تحقیقی مقالات تحریر کر چکی ہیں، پیش نظر ششماہی علمی و تحقیقی جریدہ الایام ہے، یہ دوسرا شمارہ ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

درج ذیل اردو، انگریزی مضامین اس مجلّہ کا حصہ ہیں۔

۱)...... پروفیسر ڈاکٹر محمد شکیل اوج صاحب کا مقالہ ایمان اور عمل صالح کا باہمی تلازم ہے، موصوف نے ایمان کے ساتھ عمل کے تلازم کو دلائل سے بیان کیا ہے اور مولانا غلام رسول سعیدی کی تفسیر تبیان القرآن کے اقتباسات پیش کر کے ان کے خیالات کی تردید کی ہے۔

۲)...... علامہ اقبال اور مسئلہ فلسطین خدیجہ ناہید کا مضمون ہے۔ جس میں اقبال کے حوالہ سے فلسطین کی تاریخ بیان کی گئی ہے، اور واضح کرنے کی کوشش کی ہے کہ فلسطینیوں کے خلاف عیسائی و یہودی متفق ہیں اور دونوں کی کوششوں سے صیہونی ریاست وجود میں آئی ہے۔ مقالہ سے اقبال کی بے چینی اور امت مسلمہ کی بے حسی نمایاں ہوتی ہے۔

۳)...... کلہوڑہ عہد تاریخ گوئی کے آئینہ میں ڈاکٹر خضر حیات نوشاہی مقالہ کلہوڑہ عہد کے زبان وادب کے حوالہ سے ہے، اس دور میں فن تاریخ گوئی اپنے شباب پر تھا، اور تاریخ کو ''قطعہ تاریخ'' کی صورت میں بیان کرنے کا رواج تھا، مقالہ میں اس دور کو اسی تناظر میں پیش کیا گیا ہے۔

۴)...... یہ باقاعدہ کوئی مقالہ نہیں بلکہ ابو جعفر ابن حبیب کی کتاب المحبر کا اردو ترجمہ ہے، جو ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کی تحقیق کے ساتھ شائع ہوا تھا، اس کی قسط دوم ہے، یہ کتاب اسلام کے ابتدائی دور کے بارے میں جزوی معلومات فراہم کرتی ہے، سیرت نگاری کے لئے بہت مفید کتاب ہے۔

۵)...... پنجاب کے چند کتب خانے یہ مقالہ ڈاکٹر نگار سجاد صاحبہ اور ڈاکٹر سہیل شفیق صاحب کا ہے، جس میں درج ذیل کتب خانوں کا تعارف کرایا گیا ہے۔

ڈاکٹر طاہر جمیل کا کتب خانہ ڈاکٹر ابرار عبدالسلام کا کتب خانہ مسعود جھنڈیر لائبریری (میلسی ملتان) کتب خانہ دار الفقہ اء نوشاھیہ۔ عبدالمجید کھوکھر کتب خانہ۔ ڈاکٹر اقبال مجددی۔

کچھ سرکاری لائبریریوں مثلاً لانگے خان، دیال سنگھ پنجاب پبلک، 'اکٹر حمید اللہ کا تذکرہ۔

۶)...... مکاتب علی ارشد بنام نگار سجاد۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۷)......سوانح مولانا روم ایک مطالعہ، ڈاکٹر محمد الیاس الاعظمی کا مقالہ ہے۔ مضمون عنوان سے واضح ہے۔

۸)......سانجھ بھئی چو دیس ناول کا تجزیہ ڈاکٹر نگار سجاد

۹)......سرجے اے زنکووسکی کی کتاب (Pan-Turksim and Islam in Russia)

روس میں پاک ترکی ازم اور اسلام کا خلاصہ اردو میں بیان کیا گیا ہے۔ چند مضامین انگریزی میں ہیں۔

1- Dr. Tanweer Khalid:- The contoours of Islamic state.
2- Syed Munir Wasti:- In introduction tothe major works of Shah Abdal-Aziz and Shah Rafiuddin.

یہ مجلّہ ایک بہترین کوشش ہے، جسے باقاعدگی کے ساتھ جاری رہنا چاہیے۔

مجلّہ : تبصرہ : ماہنامہ معراج انسانیت سیرت النبی ﷺ نمبر جون، علوم اسلامیہ انٹرنیشنل ۲۰۱۰ء

چیف ایڈیٹر : پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

قیمت وصفحات : ۷۰۰ روپے۔ ۲۰۰ صفحات

ویب سائٹ : www.quicks.org پر مجلّہ مفت مطالعہ کریں۔

ملنے کا پتہ : پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی، مکان نمبر ۱۶۲، سیکٹر ایل/ ۸۔ اورنگی ٹاؤن کراچی

یہ مجلّہ ایک مکمل کتاب ہے جو اردو، عربی، سندھی اور انگریزی زبانوں پر مشتمل ہے، اس کے چار حصے ہیں یہ چوتھی سالانہ صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس ۱۰۔۲۰۰۹ء میں پیش کردہ تحقیقی مقالات ہیں جن کے عنوانات ہیں، اعتدال پسندی، اور تبلیغ سیرت طیبہ کی روشنی میں، تبلیغ کے فوائد، طریقہ، حکمت عملی، حکمت کا مفہوم، مبلغ کے اوصاف وشرائط، غیر مسلموں میں تبلیغ کا طریقہ۔ بڑے دلچسپ اور تحقیقی مضامین علمی ذوق رکھنے والوں کے لئے ایک خزانہ ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

گوشہ علمی و تعلیمی خبریں

مرتب: پروفیسر ڈاکٹر فرحت عظیم ۔ ڈاکٹر مسز بشریٰ بیگ

ڈاکٹر صلاح الدین ثانی کو وفاقی وزارت امور نوجوان کی جانب سے نیشنل جناح ٹیلنٹ یوتھ ایوارڈ ۲۰۱۰ء دیا گیا:

مورخہ ۱۱-۵-۱۸ کو کراچی جیم خانہ میں منعقدہ شاندار تقریب میں علمی و تدریسی و تصنیفی خدمات پر دیگر پانچ نوجوانوں کے ساتھ انعامی چیک، ایوارڈ و سرٹیفکیٹ دیئے گئے، جس کی خبریں ٹی وی کے متعدد چینلز اور تمام اخبارات نے شائع کیں۔ اس حوالہ سے روزنامہ جنگ کراچی نے ۱۹ مئی ۲۰۱۱ء کو درج ذیل خبر شائع کی۔

صوبائی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی رضا ہارون نے کہا ہے کہ ملکی اور بین الاقوامی صورتحال میں جہاں ہمارے نوجوانوں کو دہشت گرد اور انتہا پسند کہا جا رہا ہے، ایسے میں نیشنل یوتھ ایوارڈز اس الزام کا عملی جواب ہے کہ ہمارا نوجوان کتنا باصلاحیت اور قابل ہے، اور ان کی قابلیت اور خدمات کا اعتراف قومی اور سرکاری سطح پر کیا جا رہا ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کراچی جیم خانہ میں نیشنل یوتھ ایوارڈز کی تقریب تقسیم انعامات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب سے سیکریٹری یوتھ افیئر ز سندھ شعیب احمد صدیقی اور ڈائریکٹر یوتھ افیئر ز سندھ خورشید علی شاہ نے بھی خطاب کیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ یہ بڑی بدقسمتی ہے کہ ماضی میں سائنسی اور تکنیکی تعلیمات پر بہت زیادہ توجہ نہیں دی گئی، مگر محکمہ امور نوجوانان نے نوجوانوں کو فراموش نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان ہمارا اثاثہ ہیں۔ بعد ازاں رضا ہارون نے جیتنے والے چھ نوجوانوں میں ۵۰-۵۰ ہزار روپے کے انعامات، شیلڈز اور سرٹیفکیٹ تقسیم کیے۔ جیتنے والے اسامہ احمد اعوان، محمد وقار، ذوہیب اقبال، راس پرکاش مہتانی، سیدہ امام واحد علی، پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی (چیف ایڈیٹر) کو ماحولیات، تعلیم سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، امن اور نعت اور قرأت، ثقافت کے شعبوں میں ایوارڈز دیئے گئے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جامعة الازہر میں مولانا ابوالکلام آزاد رحمہ اللہ پر سیمینار اور تقریری مقابلوں کا انعقاد:

جامعة ازہر کی فیکلٹی کلیة اللغات و الترجمه کے شعبہ قسم اللغة الاردیة اور ہندوستان کے ثقافتی کلچر (مرکز مولانا آزاد الثقافی الھندی) کے اشتراک سے پیر ۶ دسمبر ۲۰۱۰ء کو جامعہ ازھر میں مذکورہ فیکلٹی کے آڈیٹوریم میں ایک سیمینار کا اہتمام کیا گیا، جس میں چیف ایڈیٹر علوم اسلامیہ نے بھی شرکت کی، صدر شعبہ اردو پروفیسر ڈاکٹر احمد محمد قاضی صاحب نے اردو میں استقبالیہ کلمات کہے، اور عربی میں سیمینار کے عنوان ''مولانا ابوالکلام آزاد الثقافیة'' کے حوالے سے مولانا ابوالکلام آزاد کا مختصر تعارف پیش کیا، جس کے بعد ہندوستان کے سفیر نے رومن عربی میں خطاب کیا، سفیر صاحب کیلئے عربی مترجم کا بھی انتظام کیا گیا تھا۔ موصوف نے اپنے خطاب میں ابوالکلام آزاد اور مصر و ہند کے تعلقات پر روشنی ڈالی اور مصری طلباء کو ہند میں تعلیم حاصل کرنے کی دعوت دی۔ عمید کلیہ کی جانب سے سفیر کو کتب کا تحفہ پیش کیا گیا۔ پھر نائب رئیس الازہر دکتور علی الدین ہلالی نے خطاب کیا اور ابوالکلام آزاد کی خدمات کو سراہنے کے ساتھ قائد اعظم و قیام پاکستان کو غیر مناسب انداز میں بیان کیا۔

قبل ازیں انڈیا کے مرکز الثقافی کی جانب سے طلباء کے ابوالکلام آزاد کی شخصیت پر تقریری مقابلے منعقد کرائے گئے تھے۔ اور طلباء کو تین تین ہزار دو دو ہزار اور ایک ایک ہزار مصری پاؤنڈ کے دو دو انعامات دیئے گئے تھے۔ (ایک پاؤنڈ پاکستانی ۱۶ روپے کے برابر ہے)

سفیر کی جانب سے نائب رئیس جامعہ ڈین اور صدر شعبہ کو یادگاری ایوارڈ دیا گیا، اور مذکورہ افراد کو گولڈ میڈل بھی دیئے گئے، تمام شرکاء کانفرنس کی سفیر کی جانب سے ناشتہ سے تواضع کی گئی، چیف ایڈیٹر کی جانب سے صدر شعبہ اردو کو تجویز پیش کی گئی کہ اسی طرح ۲۵ دسمبر کو قائد اعظم ڈے منایا جائے اور پاکستان ایمبیسی خود اسپانسر کرے یا کسی سے کروائے، جامعہ ازہر اور سفارتخانہ کا متعلقہ ابتداء اس پر تیار بھی ہوگیا، معلوم ہوا کہ سفیر صاحبہ نے بھی نیم آمادگی ظاہر کی تھی، لیکن دست غیبی کے سبب، اس پر عمل نہ ہوسکا، اور یہ قومی نہیں ملی المیہ ہے، میری ساری کوشش ضائع ہوگئی، جس کا مجھے افسوس ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نیا چینی سال یکم جنوری سے نہیں شروع ہوتا۔ ۲۰۱۱ء خرگوش کا سال ہے:

نیا چینی سال ۳۔ فروری سے شروع ہو رہا ہے، چینی کلینڈر کے مطابق یہ سال خرگوش کا سال ہے۔ چین کے نئے سال کی شروعات چینی کلینڈر سے ہوتی ہے، جس میں گریگورین اور قمری وشمسی کلینڈر کا نظام شامل ہوتا ہے، چونکہ ہر سال چاند کی روشنی تبدیل ہو جاتی ہے، اس لئے نیا چینی سال جنوری کے اواخر یا فروری کے وسط میں کسی بھی وقت شروع ہو سکتا ہے۔ ذیل میں نیا چینی سال شروع ہونے اور ہر سال کے جانور کے نام کا چارٹ پیش کیا جا رہا ہے، کیا پاکستان میں دیگر اسلامی ملکوں کی طرح یکم محرم سے نئے سال کا آغاز نہیں ہو سکتا ہے؟

سال	چینی نیا سال شروع ہونے کی تاریخ	جانور کا نام
۲۰۰۸	۷ فروری	چوہا
۲۰۰۹	۲۶ جنوری	بیل
۲۰۱۰	۱۴ فروری	شیر/ٹائیگر
۲۰۱۱	۳ فروری	خرگوش
۲۰۱۲	۲۳ جنوری	ڈریگن
۲۰۱۳	۱۰ فروری	سانپ
۲۰۱۴	۳۱ جنوری	گھوڑا
۲۰۱۵	۱۹ فروری	بھیڑ
۲۰۱۶	۸ فروری	بندر
۲۰۱۷	۲۶ فروری	مرغی
۲۰۱۸	۱۶ فروری	کتا

(بحوالہ: ۳ فروری ۲۰۱۱ء، روزنامہ جنگ کراچی)

رپورٹ قومی سیرت النبی ﷺ زیر اہتمام وفاقی وزارت مذہبی امور اصلاحات وتجاویز:

پچھلے سالوں کی طرح اس سال بھی ۱۲۔ ربیع الاوّل کو وفاقی وزارت مذہبی امور نے قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد کیا، لیکن یہ کانفرنس پچھلی کانفرنسوں سے بہت ممتاز و مختلف تھی، وزارت مذہبی امور کے متعصب فرقہ پرست سابق وفاقی وزیر حامد سعید کاظمی جو جج جیسے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مقدس کام میں کرپشن میں ملوث ہو کر اپنے والد و خاندان کی نیک نامی کو دھبہ لگانے کا ذریعہ بنے ہیں اور آج کل جیل میں وقت گزار رہے ہیں، موصوف اپنے دور میں ایک ہی فرقہ کو نوازنے میں مصروف رہے، اور غیر منتخب و کراچی کے عوام کے مسترد کردہ شخص حاجی حنیف طیب کی مشاورت کے ذریعہ وزارت کو چلا رہے تھے، بلکہ پیپلز پارٹی کے زیر سایہ اپنی پارٹی کو منظم کر رہے تھے، بالآخر وزیر اعظم صاحب جو موصوف کو لائے تھے انہوں نے ہی وزارت سے برطرف کیا۔

موصوف کی رخصتی کے بعد جناب خورشید شاہ صاحب کو وزارت کا قلمدان دیا گیا آپ نے وزارت کا قلمدان سنبھالتے ہی دو شاندار پروگراموں کا انعقاد کیا، پہلا ''علماء و مشائخ کانفرنس'' دوسرا ''قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس''

سیرت النبی ﷺ کانفرنس میں چاروں صوبوں سے تمام مکاتب فکر کے علماء و مشائخ اور یونیورسٹیز و کالجز کے پروفیسرز اور معروف شخصیات کو بڑے پیمانہ پر مدعو کیا گیا، بلکہ یہ کہا جائے کہ پچھلے پندرہ سالوں سے (جب سے میں خود شریک ہو رہا ہوں) یہ سب سے بڑی کانفرنس تھی۔

شاہ صاحب نے اپنے دل کی طرح وزارت کے دروازے بھی سب کے لئے کھول دیئے اور خطاب کے لیے بھی تمام مکاتب فکر کے نمائندوں کو موقع دیا گیا۔ جسے تمام حاضرین نے سراہا۔

کانفرنس سے وزیر اعظم گیلانی صاحب، خورشید شاہ صاحب، وفاقی وزیر مذہبی امور نے خصوصی خطاب کیا اور وزیر اعظم کے دست مبارک سے سیرت النبی ﷺ ایوارڈ دیئے گئے، چیف ایڈیٹر نے جملہ احباب کے ساتھ شرکت کی۔

پریزیڈنٹ ہاؤس میں قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد اور صدر مملکت کا خطاب

۱۲۔ ربیع الاوّل کی شام وفاقی وزارت مذہبی امور کی جانب سے پریزیڈنٹ ہاؤس میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا اہتمام کیا گیا، جس سے صدر مملکت نے خطاب کیا، سیرت نگاروں کو انعامات دیئے اور عمرہ کرانے کا اعلان کیا، اس پروگرام میں فقط خاص خاص افراد کو مدعو کیا گیا تھا۔ چیف ایڈیٹر نے احباب کے ساتھ شرکت کی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

وزارت مذہبی امور کے قابل قدر اقدامات

وزارت نے ہر سال کی طرح اس سال بھی سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد کیا اور سیرت طیبہ ﷺ کے فروغ کے لئے بہتر اقدامات کئے۔ وزارت نے اسلامیات پر لکھے گئے پی ایچ ڈی تھیسس پر بھی انعامات دیئے یہ گوشہ اگرچہ اشتہار میں شامل نہیں تھا، لیکن اچھا قدم تھا۔

وزارت مذہبی امور کے قابل اصلاح اقدامات

☆ وزارت نے دعوت نامے بہت تاخیر سے جاری کیے، دعوت نامہ پر قیام وطعام کی ذمہ داری لی گئی تھی، جبکہ صورت حال یہ تھی ایئرپورٹ پر وزارت کا نہ استقبالیہ کیمپ تھا، نہ کوئی فرد نہ مہمانوں کو ہوٹل تک پہنچانے کا انتظام تھا، نہ ہوٹلوں میں قیام وطعام کا انتظام تھا مہمانوں کو خود ہی اپنے لئے جملہ انتظامات کرنے تھے، اس میں مردوں کے ساتھ خواتین بھی شامل تھیں۔

☆ یہی بدانتظامی کانفرنس کے دن دوپہر کے کھانے میں دیکھی گئی۔

☆ یہی بدانتظامی کانفرنس ہال کے باہر سیکورٹی کلیرنس میں دیکھی گئی، جہاں علماء کے ساتھ ناروا سلوک کا مظاہرہ کیا جارہا تھا۔

☆ یہی بدانتظامی کانفرنس کے اختتام پر ٹی اے ڈی اے کی ادائیگی کے وقت نظر آئی لوگوں نے عدم ادائیگی کے خلاف مظاہرہ کیا اور ٹی وی پر خبریں نشر ہوئیں۔

☆ وزارت سیرت النبی ﷺ پر طلب کردہ مقالات وکتب کو جانچنے کے لئے تمام ممتحن اسلام آباد سے منتخب کرتی ہے، خاص کر سندھ و بلوچستان سے کسی کو ایکسپرٹ وایگزامنر مقرر نہیں کیا جاتا ہے ہم پچھلے دس سالوں سے مطالبہ کر رہے ہیں، ہر مقابلہ کی کیٹیگری کے لئے چار چار ایگزامنر مقرر کئے جائیں اور چاروں صوبوں سے ایک ایک لیا جائے، اور جس شخص کو ایک کیٹیگری میں منصف مقرر کیا جائے، اسے دوسری کیٹیگری میں منصف وایگزامنر نہ مقرر کیا جائے تاکہ انعامات کا فیصلہ شفاف طریقہ سے ہو، جن پی ایچ ڈی مقالات پر انعامات دیئے گئے ہیں، ان کا ...

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

یونیورسٹی سے تعلق تھا، پنجاب اور اوپن یونیورسٹی سندھ کی کسی یونیورسٹی سے کسی مقالہ کو انعام نہیں دیا گیا۔ لہٰذا ۲۰۱۱ء کے اشتہار میں اس کٹیگری کا اضافہ کر کے پورے ملک سے پی ایچ ڈی مقالے طلب کئے جائیں اور خواتین و مردوں کو جدا جدا چاروں صوبوں سے انعامات دیئے جائیں۔

جناب مفتی غلام الرحمٰن صاحب مدظلہ العالی سے تعزیت:

جناب والا آپ کے مجلہ ماہنامہ العصر سے آپ کے والد گرامی حاجی شمس الرحمٰن صاحب رحمہ اللہ علیہ کے انتقال کی خبر سے آگاہی ہوئی۔ کل نفس ذائقة الموت

میں اپنی اور جملہ عہدیداران واحباب کی جانب سے دعا کرتا ہوں اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، اور اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے، جنت الفردوس کو ان کا ٹھکانہ بنائے۔

جملہ اعزاء واقرباء کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

ہم سب آپ کے اس دکھ میں برابر کے شریک ہیں اور دعاء کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کا خاتمہ ایمان پر فرمائے۔ (آمین)

پروفیسر مولانا شمس الدین صاحب سے اظہار تعزیت:

پروفیسر مولانا شمس الدین صاحب جو ایک سال قبل گورنمنٹ ایس ایم آرٹس کالج کراچی سے ریٹائرڈ ہوئے ہیں، موصوف کو انجمن اساتذہ کی جانب سے ریٹائرمنٹ پر شاندار علمی و تدریسی خدمات پر ''حسن کارکردگی'' ایوارڈ سے بھی نوازا گیا تھا۔ موصوف خود بھی کافی عرصہ سے علیل ہیں، پچھلے دنوں مولانا کے نوجوان صاحبزادہ معراج اسلام الدین صاحب رحمہ اللہ علیہ جو کہ پاکستان نیوی میں ملازم تھے، قضاء الٰہی سے رات کو سوئے ہیں صبح دیکھا گیا تو وفات پاچکے تھے نہ کوئی بیماری تھی نہ کوئی حادثہ وظاہری سبب بنا، قضاء وقدر کے عجب معاملات ہیں۔ رب کائنات انسان کو اپنے سے قریب کرنے کے لئے ہر شخص سے جدا معاملات کرتا ہے۔

ہم بحیثیت انسان ومسلمان کے رب کی رضا پر راضی رہیں، یہی مقام صبر وورضا ہے، میں اپنی جانب سے جملہ عہدیداران وعلوم اسلامیہ کے اساتذہ کی جانب سے دعاء گو ہوں اللہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

تعالیٰ موصوف کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے، پروفیسر شمس الدین صاحب اور جملہ اہل خانہ اعزاء واقرباء کو صبر جمیل عطا فرمائے، اور دنیا وآخرت میں اس کا متبادل عطا فرمائے۔ (آمین)

پروفیسر حبیب النبی صاحب سے اظہار تعزیت:

پروفیسر حبیب النبی صاحب جو کہ جامعہ ملیہ ملیر میں اسلامیات کے پروفیسر ہیں، انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ سے وابستگی رکھتے ہیں اور مختلف پروگراموں میں شریک ہوتے رہے ہیں، ۲۰۱۰ء میں موصوف کے والد صاحب کا انتقال ہوگیا، انجمن کے تمام عہدیداران اور ممبران کی جانب سے ہم دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں، اور دعاء گو ہیں اللہ تعالیٰ موصوف کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

پروفیسر نیلوفر شاہ صاحبہ سے اظہار تعزیت:

پروفیسر نیلوفر شاہ صاحبہ پرنسپل گورنمنٹ گرلز کالج ہیں اور جامعہ کراچی کے بورڈ آف اسٹڈیز کی ممبر ہیں، پچھلے دنوں محترمہ کی والدہ صاحبہ کا انتقال ہوگیا، جملہ اساتذہ علوم اسلامیہ آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، اور دعا گو ہیں اللہ تعالیٰ موصوفہ کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور جملہ متعلقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

پروفیسر ڈاکٹر ریحانہ فردوس صاحبہ چیئرپرسن شعبہ معارف اسلامیہ جامعہ کراچی سے اظہار تعزیت:

موصوفہ کے سسر صاحب کا پچھلے دنوں قضاء الٰہی سے انتقال ہوگیا، سسر صاحب پچھلے پانچ سالوں سے صاحب فراش تھے، ڈاکٹروں نے جواب دے دیا تھا۔

ڈاکٹر صاحبہ نے طویل عرصہ تک ایسے خدمت کی جیسے سگے والدین کی کی جاتی ہے، یقیناً یہ بڑی سعادت اور اُخروی اجر وثواب کا باعث ہے، اس خدمت کے ساتھ تصنیف وتالیف ودیگر امور کو انجام دینا بڑی ہمت کی بات ہے، انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی کے جملہ عہدیداران وممبران ڈاکٹر صاحبہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، اور دعاء گو ہیں اللہ تعالیٰ مرحوم کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں جگہ عنایت فرمائے، اور ڈاکٹر صاحبہ سمیت جملہ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

وفاقی وزارت مذہبی امور کے زیر اہتمام علماء ومشائخ کانفرنس ۲۰۱۱ء

رپورٹ: پروفیسر محمد مشتاق کلوٹا

پاکستان کے دارالخلافہ اسلام آباد میں علماء ومشائخ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ملک بھر سے جید علماء کرام کو مدعو کیا گیا، جنہوں نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ دہشت گردی، عدم برداشت، انتہاپسندی اور تشدد کے بڑھتے ہوئے رجحان کو روکنے کے لئے ''مذہبی رواداری'' کے عنوان سے کانفرنس کا انعقاد کرے، حکومت پاکستان نے ایک قابل تحسین قدم اٹھایا، جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ مذہبی رواداری کی سب سے زیادہ ضرورت آج کے دور میں ہے۔ آڈیٹوریم نیشنل لائبریری کے اسٹیج پر وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سید خورشید احمد شاہ، وزیر مملکت برائے مذہبی امور شگفتہ جمانی، سیکریٹری مذہبی شوکت حیات درانی تشریف فرما تھے۔ کانفرنس کا آغاز قاری بزرگ شاہ الازہری نے سورہ المائدہ کی آیت نمبر ۴۸ کی تلاوت سے کیا، اور بعد از تلاوت سید زوہیب مسعود نے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی۔ جس کے بعد سیکریٹری مذہبی امور شوکت حیات درانی نے وزارت مذہبی امور کی جانب سے سپاس نامہ پیش کیا۔ انہوں نے سپاس نامہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ ''یہ ایک موضوع ہے، معاشرے میں عدم برداشت کا رجحان بڑھتا جارہا ہے اور ایک ناسور کی حیثیت اختیار کر گیا ہے۔ اس پر غور وفکر کی ضرورت ہے۔ ۱۹۷۳ء میں متفقہ جمہوری آئین تشکیل پایا۔ حقیقی اسلامی تعلیمات کا فروغ مذہبی امور کے فرائض میں شامل ہے۔ اس وقت مسلمانوں کی تعداد ڈیڑھ ارب ہے جب کہ غیر مسلموں کی تعداد تقریباً ساڑھے پانچ کروڑ ہے۔ انسان کا مذہبی حوالے سے جذباتی ہونا ایک فطری عمل ہے۔ ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم دوسرے مذاہب کا احترام کریں اور برائی کا قلع قمع کریں۔

وفاقی وزیر مذہبی امور کا خطاب: اس کے بعد وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سید خورشید احمد شاہ نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ وزیر اعظم کے بے حد شکر گزار ہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کہ انہوں نے اپنے مصروفیات میں سے وقت نکالا۔ انہوں نے کہا کہ یہ موضوع دنیا کے موجو حالات میں اہمیت کا حامل ہے۔ انسان ہی انسان کا دشمن ہے۔ انسان دہشت گردی کا شکار ہور ہے۔ اگر آج کے دور میں تمام مذاہب اپنے ماننے والوں کو اچھائی کی طرف راغب کردیں تو یقیناً انسانیت کا قتل عام بند ہوسکتا ہے۔ عالمی دہشت گردی کے خاتمے اور انسانی مسائل کے حل کے لئے سنجیدہ کوششیں کرنی ہونگی۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ ٹھوس منصوبہ بندی کی جائے، مختلف مذاہب کا احترام کیا جائے، اقلیتوں کو تحفظ دیا جائے اوزان کے حقوق ادا کئے جائیں۔ اسلام امن، سلامتی اور عدل کا مذہب ہے۔ امن عامہ کے فروغ کے لئے مسلمانوں کے ساتھ دوسرے مذاہب کا ویسا احترام کرنا ہوگا جس طرح دین اسلام ہمیں سکھاتا ہے۔

وزیر مملکت مذہبی امور کا خطاب: وزیر مملکت برائے مذہبی امور شگفتہ جمانی نے علماء مشائخ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذہبی رواداری کا موضوع ہمیشہ سے توجہ طلب رہا ہے۔ اگر آپس میں مفاہمت اور مذہبی رواداری اختیار کرلی جائے تو اس سے ایک دوسرے کو قریب لاتے ہوئے مختلف ثقافتی سرگرمیوں کو پنپنے کا موقع ملتا ہے۔ اسلامی اقدار کو فروغ دینا ہماری اولین ترجیح ہے۔

اسلام امن و آشتی کا دین ہے۔ اس کا اہم مقصد یہ بھی ہے کہ بنی نوع انسان پر سلامتی کی راہیں کھول دی جائیں۔ قرآن کریم ہر اس چیز کو معروف قرار دیتا ہے جس سے معاشرہ میں اچھائی جھلکتی ہے۔ اسلام کے بنیادی اصولوں کی روشنی میں ایک ایسا معاشرہ تشکیل دیا جائے جو کہ مثالی ہو، ہمیشہ سے علماء کرام نے قوم کی رہنمائی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے بھی ہمیشہ مفاہمت اور رواداری کا درس دیا۔

وفاق المدارس کے جنرل سیکریٹری کا خطاب: اس کے بعد ملک بھر سے آئے ہوئے جید علماء کرام کا خطاب شروع ہوا، جس میں سب سے پہلے قاری محمد حنیف جالندھری (جنرل سیکریٹری وفاق المدارس) کو خطاب کے لئے مدعو کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام رواداری، رحمت، محبت، امن و آشتی کا مذہب ہے۔ یہ عالمگیر دین ہے، اسلام وہ واحد دین ہے جو رواداری اور ہم آہنگی کا دین ہے اور یہ دین سب سے زیادہ رواداری پر زور دیتا ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک تمام انبیاء علیہ السلام پر ایمان لانا ہم سب پر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

فرض ہے اور ہمارا ایمان اس وقت تک مکمل نہیں ہوتا جب تک ہم انبیاء اور دیگر کتب آسمانی پر ایمان نہیں لاتے۔ قرآن کریم نے مختلف انبیاء کرام کا ذکر کیا ہے۔ قرآن کریم کے اندر ایک سورت ہے جو کہ حضرت مریمؑ کے نام پر ہے۔ اسی قرآن میں ہمیں حضرت مریمؑ اور اس حضرت آسیہ کا تذکرہ ملتا ہے۔ اسلامی تاریخ مذہبی رواداری کے بے شمار واقعات سے بھری ہوئی ہے۔ عیسائیوں کے ساتھ معاہدات کئے، اس حوالے سے معاہدہ نجران مشہور و معروف ہے۔ عیسائیوں کا ایک وفد جب نجران سے مدینہ منورہ آیا، تو آپ ﷺ نے انہیں مسجد نبوی ﷺ میں ٹھہرایا اور انہیں اپنے مذہبی طریقے سے عبادت کرنے کی اجازت دی، یہاں تک کہ یہودی کا جنازہ گزرا تو اس کے لئے بھی احتراماً کھڑے ہوگئے۔ اسلام صرف مکالمہ اور بات چیت پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ پر امن بقائے باہمی کا درس دیتا ہے۔ قرآن کریم میں موجود ہے کہ لا اکراہ فی الدین آپ ﷺ نے کبھی بھی زبردستی نہیں کی، بلکہ ہمیشہ رواداری سے کام لیا اور کبھی خود سے معاہدات کو نہیں توڑا۔ آج مفاہمت اور رواداری کی ضرورت پہلے سے زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا غیروں میں جو یہ نظریہ پایا جاتا ہے کہ مذہب کو سوسائٹی سے الگ کر دیا جائے اب وہ معدوم ہوتا جا رہا ہے، اور اقوام غیر دوبارہ مذہب کی طرف لوٹ رہی ہے، جس طرح اکبر نے ''دین الٰہی'' کو متعارف کرایا تھا، آج پھر اس کا تجربہ کیا جا رہا ہے کہ ایک ہی چھت کے نیچے عیسائی، یہودی، مسلمان عبادت کرتے نظر آتے ہیں مگر یہ تجربہ بھی ناکام ہوگیا اور توجہ حاصل نہیں کر سکا ضروری ہے کہ ہر طبقہ اپنے اپنے عقیدے پر قائم رہے اور دوسرے کے وجود کو خندہ پیشانی سے تسلیم کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان وہ واحد ملک ہے جہاں اقلیتوں کو مکمل حقوق حاصل ہیں، بلدیاتی اداروں سے لے کر ایوان بالا تک اقلیتوں کے لئے نشستیں اور ملازمتوں میں کوٹہ مخصوص ہے۔ پاکستان کے لئے جدت اور شدت دو بڑے چیلنج ہیں۔ جدت نے اجتہاد کو اور شدت نے جہاد کو سوالیہ نشان بنا دیا ہے۔

وزیر اعظم کا خطاب: کانفرنس کے آخر میں وزیر اعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے خطاب کیا اور مختلف علماء کرام کی جانب سے اٹھائے گئے سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ اس اہم موقع پر وزیر اعظم پاکستان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قومی اور بین الاقوامی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے کانفرنس کا انعقاد شاندار قدم ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

علماء کرام سے مخاطب ہوتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن، عدلیہ اور انتظامیہ جب میری بات مان لیتی ہیں تو علماء کرام میری بات کیوں نہیں مانتے؟ قانون پر عمل درآمد سے ہی سب کے حقوق کا تحفظ ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ "ناموس رسالت ﷺ قانون میں تبدیلی نہیں ہوگی" لیکن کسی بھی قانون کا غلط استعمال نہیں ہونا چاہئے اور نہ کرنے دیں گے۔ تشدد کے واقعات سے پاکستان کی بدنامی ہوتی ہے اور مغرب میں ان واقعات کو اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاتا اس سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لئے بھی مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔ لہٰذا ضرورت اس بات کی ہے کہ اسلام کا صحیح تشخص اجاگر کیا جائے، جس ملک میں آئین اور قانون پر عمل نہیں ہوتا وہاں جنگل کا قانون ہوتا ہے کیا آپ چاہتے ہیں کہ یہاں بھی جنگل کا قانون ہو اور آئین نہ ہو۔ قانون پر عمل درآمد نہیں ہوگا تو کسی کے حقوق کا تحفظ نہیں ہوسکتا۔

بحیثیت مجموعی یہ شاندار کانفرنس تھی، اور پہلی مرتبہ وزارت کی جانب سے مہمانوں کی تواضع کا شاندار انتظام کیا گیا، ڈاکٹر صلاح الدین ثانی، مفتی فیروز الدین ہزاروی و دیگر علماء نے شرکت کی، ایسی کانفرنس ہر سال منعقد ہونی چاہئے۔

چیف ایڈیٹر کا علماء و مشائخ کنونشن ۲۰۱۱ء پر تبصرہ

وفاقی وزارت مذہبی امور میں خوش گوار جھونکا اس وقت آیا جب سابق کرپٹ وفاقی وزیر حامد سعید کاظمی صاحب کو ان کے منصب سے برطرف کر کے جناب خورشید شاہ صاحب کو وزارت کا قلمدان سونپا گیا۔

شاہ صاحب وسیع الفکر اور وسیع النظر شخصیت ہیں، اس سے قبل بھی اس منصب کا بہتر انداز میں حق ادا کر چکے ہیں۔ موصوف نے قلمدان سنبھالتے ہی شاندار قدم اٹھایا اور جنوری ۲۰۱۱ء مذہبی رواداری کے عنوان پر علماء و مشائخ کانفرنس کا انعقاد کیا، اس کانفرنس میں چاروں صوبوں سے جملہ مکاتب فکر کے بڑے بڑے علماء و مشائخ موجود تھے اور تمام مکاتب فکر کو مساویانہ انداز میں خطاب کی دعوت دی گئی۔

اس کانفرنس کا بھرپور و خصوصی خطاب جناب مولانا حنیف جالندھری صاحب ناظم وفاق المدارس پاکستان کا تھا، کانفرنس سے شاہ صاحب کے علاوہ وزیر اعظم پاکستان نے بھی خطاب کیا اور قانون توہین رسالت کے حوالہ سے کوئی ترمیم نہ کرنے کا وعدہ کیا، جس سے خوش گوار

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ماحول پیدا ہوا۔

یہ علماء سے حکومت کا پہلا براہِ راست رابطہ تھا، جس کے نتیجہ میں حکومت مخالف پروپیگنڈا جھاگ کی طرح بیٹھ گیا۔

میں حکومت پاکستان بالخصوص خورشید شاہ صاحب کو اس کانفرنس کے انعقاد پر کراچی کے علماء کی جانب سے مبارکباد پیش کرتا ہوں، اور درخواست کرتا ہوں، اس قسم کی کانفرنس ہر سال منعقد کی جائے تا کہ حکومت اور علماء دونوں ایک دوسرے کے موقف سے آگاہ ہو سکیں۔ چیف ایڈیٹر نے کراچی کے دیگر علماء کے ساتھ کانفرنس میں شرکت کی۔

تقریب رونمائی: ''قرون اولیٰ کی خواتین اور انکی علمی و دینی خدمات''

وفاقی یونیورسٹی کے قیام سے پہلے بھی اسلامیات کے ساتھ عربی کی تدریس کا سلسلہ جاری تھا۔ یونیورسٹی کے قیام کے بعد جہاں متعدد نئے شعبہ جات قائم ہوئے وہیں شعبہ عربی کا قیام بھی عمل میں آیا۔ شعبہ کے پہلے نگران و صدر جناب ڈاکٹر قاری بدر الدین صاحب مقرر ہوئے۔ شعبہ عربی میں اس وقت ایک سو پچیس (۱۲۵) طلبہ و طالبات ایم۔ اے عربی (ماسٹر) تک کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

صدر شعبہ جناب ڈاکٹر قاری بدر الدین صاحب کی کاوش ''قرون اولیٰ کی خواتین اور انکی علمی و دینی خدمات'' کی شعبہ عربی کے زیر اہتمام تقریب رونمائی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ جس کی صدارت وائس چانسلر جناب ڈاکٹر محمد قیصر صاحب نے فرمائی اور جس میں متعدد دینی، علمی و ادبی شخصیات نے شرکت فرما کر تقریب کی رونق کو دوبالا فرمایا۔

خطاب: ڈاکٹر محمد ثانی صاحب

لقد من الله علي المومنين اذبعث فيهم رسولاً من انفسهم يتلوا عليهم أيته ويزكيهم ويعلمهم الكتبُ و الحكمة وان كانو من قبل لفي ضلل مبين ○

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ آپ ﷺ کی بعثت سے پہلے عورت کو کوئی مقام و مرتبہ حاصل نہ تھا، رسالت مآب ﷺ نے جس طرح دین کے نور سے اور توحید کی روشنی سے دنیا کو منور کیا، اور انسانی معاشرے میں انقلاب برپا کیا اور اس کے اثرات جو مرتب ہوئے، ان سے دنیا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نے ایک نئی کروٹ لی، انسان کو عزت وعظمت عطا ہوئی، دنیا حقیقی علم و نور سے منور ہوئی۔

اسلام سے قبل دنیا میں عورت کا مقام قرآن مجید کی ایک آیت سے واضح ہوتا ہے۔

"واذا بشر احدھم بالانثیٰ ظل وجھہ مسوداًوھو کظیم" ۝

محمود شکری آلوسی نے اپنی کتاب "**علوم العرب فی احوال العرب**" میں عاصم تیمی کے بارے میں ذکر کیا کہ انہوں نے گیارہ یا بارہ بچیوں کو زندہ درگور کیا تھا۔ یہ نہ صرف عرب میں تھا بلکہ تمام معاشروں میں عورت کے ساتھ برا سلوک کیا جاتا تھا۔ عیسائیت جو کہ حقوق نسواں کی علمبردار بنی ہوئی ہے انکے گرجاؤں میں یہ فیصلے کیے جاتے تھے کہ ایا عورت کو انسان کہا جا سکتا ہے یا نہیں؟؟؟

اس دور میں آپ ﷺ نے خواتین کے سروں پر عزت کا تاج رکھا اور ذلت سے رہائی عطا فرمائی،

پروفیسر محمد شفیع آزاد صاحب نے کہا:

مئولف موصوف نے اس کتاب میں قرآن وحدیث کی روشنی میں اپنے منتخب موضوع کی حقانیت کو حتی المقدور ثابت کرنے کی کوشش کی ہے، میں مئولف موصوف کی اس بے نظیر کاوش پر تہہ دل سے مبارک باد دیتا ہوں۔

پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب نے کہا:

مئولف موصوف نے اس کتاب کو بڑی عرق ریزی کے ساتھ کتاب وسنت کی روشنی میں مرتب کیا ہے۔ انہوں نے اخلاص اور للّٰہیت سے جو کام کیا اسکا دنیاوی اور اخروی فائدہ یقیناً بر آمد ہوگا، حق تعالیٰ قاری صاحب موصوف کی تالیف کو قبول فرما کر انکے لیئے ذخیرہ آخرت اور عام مسلمانوں کے لیئے مفید اور قابل عمل بنائے اور مئولف موصوف کو آئندہ اس طرح کی خدمات کا موقع عطا فرمائے۔

موصوف جب میرے پاس (Ph.D) کے داخلے کے سلسلے میں آئے تو میں نے سوچا کہ ان کو ایسا موضوع دیا جائے جو افادیت کا حامل ہو اور معاشرے میں اس سے روشنی پھیلے۔ آج کل دنیا میں جدت پسندی اور نام نہاد ترقی کے نام پر جو بے حیائی اور بے غیرتی کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

سیلاب آیا ہوا ہے اسے اسلام کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے ایسے الزامات اور اعتراضات کا جواب دینے کے لیئے یہ کتاب مرتب کی گئی ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر قاری بدرالدین صاحب نے کہا:

سب سے پہلے مہمانان کرام صحافی حضرات کا ممنون و مشکور ہوں جنہوں نے تقریب میں شرکت فرما کر ہماری حوصلہ افزائی فرمائی۔

اللہ کے فضل و کرم بزرگوں کی دعاؤں اور اساتذہ کی شفقت اور رہنمائی سے بندۂ حقیر نے ''قرون اولیٰ کی خواتین اور انکی علمی و دینی خدمات'' کے عنوان پر ایک کتاب مرتب کی ہے۔اس کتاب کو مرتب کر کے مجھے حقیقی خوشی محسوس ہو رہی ہے کیونکہ یہ عصر حاضر کی ایک بہت بڑی ضرورت ہے جس کا لکھا جانا وقت اور حالات کا تقاضا تھا، کیونکہ دنیا میں آجکل اسلام کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے والوں اور جدت پسندی کا نعرہ لگانے والوں کا سب سے بڑا ہتھیار عورت ہے جس کو انہوں نے آزادی نسواں مکمل مساوات اور ہر معاملے میں برابری کا جانسہ دیکر شرم و حیا اور تقدس کا لبادہ اتار کر پستیوں میں اترنے پر مجبور کر دیا ہے، اور اسکے دماغ میں اسلام کی تصویر مسخ کر کے اسے یہ باور کرانے کی کوشش کی جاتی ہے کہ اسلام اسے پابند سلاسل کر کے اسکے حقوق کا گلا گھونٹنا چاہتا ہے، ایسے الزامات اور اعتراضات کا جواب دینے اور انکا قلع قمع کرنے کیلیئے یہ کتاب مرتب کی گئی ہے۔جس میں قرآن و سنت کی روشنی میں عورت کے اصل مقام اور رتبے کو نمایاں کرنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے اور ان تمام شکوک وشبہات کا ازالہ کیا گیا ہے، جنکا زہر موجودہ نسل کی رگ رگ میں اتارا جارہا ہے۔

محترم ڈین جناب پروفیسر فاروق پرویز مغل صاحب نے کہا:

قاری صاحب اس بین الاقوامی اہمیت کے حامل موضوع پر کتاب لکھی ہے اس مبارک باد کے مستحق ہیں اس لیئے کہ ہیومن رائٹس (Human Rights) ایک بین الاقوامی موضوع ہے۔

رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر قمرالحق صاحب نے کہا:

میں بھی ایک استاذ ہوں، رجسٹرار اب مقرر ہوا ہوں، قاری صاحب ہمیشہ سے ہماری

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

سرپرستی فرماتے رہے ہیں۔ کلچر مذہب اور زبان کو پھیلانے میں عورت خاص کردار ادا کرتی رہی ہے۔ اگرچہ جہاد میں عورتیں سامنے نہیں ہوتی لیکن در پردہ وہی مردوں کو اس عظیم مقصد کے لیئے تیار کرتی ہیں اور ان کے گھر بار کی حفاظت کرتی ہیں۔

پروفیسر ڈاکٹر سیما ناز صاحبہ نے کہا:

مئولف موصوف سے جب بھی ملاقات ہوئی ہمیشہ متاثر ہوئی اور کچھ نہ کچھ سیکھنے کی کوشش کی۔ قرون اولیٰ کی خواتین کا مثالی کردار سامنے رکھ کر ہمیں اپنا مقام و مرتبہ شریعت کے تقاضوں کے مطابق حاصل کرنا چاہیے۔ میں آخر میں وائس چانسلر صاحب سے درخواست کرتی ہوں کہ وہ اس ہمہ گیر اہمیت کی حامل موضوع کی کتاب کا انگلش میں ترجمہ کروائیں تاکہ مغربی ممالک اسلام کی حقانیت اور اسلام میں خوتین کے حقوق کو جان سکیں۔

وائس چانسلر جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد قیصر صاحب نے کہا:

یہ امر میرے لیئے باعث مسرت ہے کہ پروفیسر ڈاکٹر قاری بدرالدین صاحب (چیئر مین شعبہ عربی) نے خواتین کے مقام و مرتبہ پر ایک کتاب مرتب کی ہے اس کتاب میں مختلف تہذیبوں میں خواتین کی خدمات کے متعلق سیر حاصل بحث کی ہے، یہ کتاب علمی زاویہ نگاہ سے اور سماجی زندگی میں خواتین کے کردار پر بھرپور روشنی ڈالتی ہے۔ زیر نظر کتاب میں اس بات کو واضح کرنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے کہ ظہور اسلام کے نتیجے میں خواتین کو وہ مقام و مرتبہ حاصل ہوا جو آج کی جدید معاشرے کی خواتین کو بھی حاصل نہیں۔ یہ کتاب اسلام کو ایک روشن خیال معتدل مذہب کی حیثیت سے پیش کرتی ہے، جس میں خواتین کو اعلیٰ مقام و مرتبہ حاصل ہے۔ میری رائے میں قاری صاحب نے یہ کتاب تالیف کرکے بڑی خدمت سرانجام دی ہے اور میں اس کتاب کا انگلش میں ترجمہ کروانے کا اعلان کرتا ہوں۔

پروفیسر ڈاکٹر سلیمان ڈی محمد صاحب نے کہا:

میں تمام مہمانان گرامی کا ممنون و مشکور ہوں جنہوں نے اس تقریب رونمائی میں شرکت فرما کر ہماری حوصلہ افزائی فرمائی۔

اسلام میں پہلی شہادت ایک عورت کو نصیب ہوئی۔ قرآن مجید میں جہاں آزمائشوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ومشکلات کو بیان کر کے ان پر صبر و استقامت کی تلقین کی گئی وہاں "**ان الصفا والمروة من شعائر الله**" ہی ایک عورت کی استقامت وصبر کو بطور مثال اور نمونہ پیش کیا کہ جسطرح ایک عورت ذات نے صبر و استقامت کا مظاہرہ پیش کیا تم بھی مشکلات میں صبر و استقامت کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دو، میں اس کی تالیف پر مصنف کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

علماء ومشائخ کانفرنس ۲۰۱۱ء بعنوان "مذہبی رواداری و بین المذاہب یگانگت"

﴿رپورٹ پروفیسر محمد مشتاق کلوٹا﴾

پاکستان کے دارالخلافہ اسلام آباد میں علماء ومشائخ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ملک بھر سے جید علماء کرام کو مدعو کیا گیا جنہوں نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ دہشت گردی، عدم برداشت، انتہا پسندی اور تشدد کے بڑھتے ہوئے رجحان کو روکنے کے لیے "مذہبی رواداری" کے عنوان سے کانفرنس کا انعقاد کر کے حکومت پاکستان نے ایک قابل تحسین قدم اٹھایا جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ مذہبی رواداری کی سب سے زیادہ ضرورت آج کے دور میں ہے۔ آڈیٹوریم نیشنل لائبریری کے اسٹیج پر وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سید خورشید احمد شاہ، وزیر مملکت برائے مذہبی امور محترمہ شگفتہ جمانی، سیکریٹری مذہبی شوکت حیات درانی، قاری حفیظ جالندھری، مولانا غلام محمد سیالوی، محمد یاسین ظفر اور علامہ سید نیاز حسین نقوی تشریف فرما تھے۔ کانفرنس کا آغاز قاری بزرگ شاہ الازہری نے سورہ المائدہ کی آیت نمبر ۴۸ کی تلاوت سے ہوا اور بعد از تلاوت سید زوہیب مسعود نے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی۔ جس کے بعد سیکریٹری مذہبی امور شوکت حیات درانی نے وزارت مذہبی امور کی جانب سے سپاس نامہ پیش کیا۔ انہوں نے سپاس نامہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ "یہ ایک اہم موضوع ہے، معاشرے میں عدم برداشت کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے اور ایک ناسور کی حیثیت اختیار کر گیا ہے۔ اس پر غور وفکر کی ضرورت ہے۔ ۱۹۷۳ء میں متفقہ جمہوری آئین تشکیل پایا۔ حقیقی اسلامی تعلیمات کا فروغ مذہبی امور کے فرائض میں شامل ہے۔ اس وقت مسلمانوں کی تعداد ڈیڑھ ارب ہے جب کہ غیر مسلموں کی تعداد تقریباً ساڑھے پانچ کروڑ ہے۔ انسان کا مذہب کے حوالے سے جذباتی ہونا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ایک فطری عمل ہے۔ ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم دوسرے مذاہب کا احترام کریں اور برائی کا قلع قمع کریں۔"

اس کے بعد وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سید خورشید احمد شاہ نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ وزیر اعظم کے بے حد شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اپنے مصروفیات میں سے وقت نکالا۔ انہوں نے کہا کہ یہ موضوع دنیا کے موجودہ حالات میں اہمیت کا حامل ہے۔ انسان ہی انسان کا دشمن ہے۔ انسان دہشت گردی کا شکار ہو رہا ہے۔ اگر آج کے دور میں تمام مذاہب اپنے ماننے والوں کو اچھائی کی طرف راغب کردے تو یقیناً انسانیت کا قتل عام بند ہو سکتا ہے۔ عالمی دہشت گردی کے خاتمے اور انسانی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ کوششیں کرنی ہونگی۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ ٹھوس منصوبہ بندی کی جائے، مختلف مذاہب کا احترام کیا جائے، اقلیتوں کو تحفظ دیا جائے اور ان کے حقوق ادا کیے جائے۔ اسلام امن، سلامتی اور عدل کا مذہب ہے۔ امن عامہ کے فروغ کے لیے مسلمانوں کے ساتھ دوسرے مذاہب کا ویسا احترام کرنا ہوگا جس طرح دین اسلام ہمیں سکھاتا ہے۔

وزیر مملکت برائے مذہبی امور محترمہ شگفتہ جمانی نے علماء مشائخ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذہبی رواداری کا موضوع ہمیشہ سے توجہ طلب رہا ہے۔ اگر آپس میں مفاہمت اور مذہبی رواداری اختیار کرلی جائے تو اس سے ایک دوسرے کو قریب لاتے ہوئے مختلف ثقافتی سرگرمیوں کو پنپنے کا موقع ملتا ہے۔ اسلامی اقدار کو فروغ دینا ہماری اولین ترجیح ہے۔ اسلام امن و آشتی کا دین ہے۔ اس کا اہم مقصد یہ بھی ہے کہ بنی نوع انسان پر سلامتی کی راہیں کھول دی جائیں۔ قرآن ہر اس چیز کو معروف قرار دیتا ہے جس سے معاشرہ میں اچھائی پھیلتی ہے۔ اسلامی کے بنیادی اصولوں کی روشنی میں ایک ایسا معاشرہ تشکیل دیا جائے جو کہ مثالی ہو۔ ہمیشہ سے علماء کرام نے قوم کی رہنمائی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے بھی ہمیشہ مفاہمت اور رواداری کا درس دیا۔

اس کے بعد ملک سے بھر آئے ہوئے جید علماء کرام کا خطاب شروع ہوا جس میں سب سے پہلے قاری محمد حنیف جالندھری (جنرل سیکریٹری وفاق المدارس) کو خطاب کے لیے مدعو کیا گیا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

انہوں نے کہا کہ اسلام رواداری، رحمت، محبت، امن و آشتی کا مذہب ہے۔ یہ عالمگیر دین ہے۔ اسلام وہ واحد دین ہے جو رواداری اور ہم آہنگی کا دین ہے اور یہ دین سب سے زیادہ رواداری پر زور دیتا ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر حضرت محمد ﷺ تک تمام انبیاء پر ایمان لانا ہم سب پر فرض ہے اور ہمارا ایمان اس وقت تک مکمل نہیں ہوتا جب تک ہم انبیاء اور دیگر کتب آسمانی پر ایمان نہیں لاتے۔ قرآن کریم نے مختلف انبیاء کرام کا ذکر کیا ہے۔ قرآن کے اندر واحد سورت ہے جو کہ حضرت مریم کے نام پر ہے۔ اسی قرآن میں ہمیں حضرت مریم اور اس حضرت آسیہ کا تذکرہ ملتا ہے۔ اسلامی تاریخ مذہبی رواداری کے بے شمار واقعات سے بھری ہوئی ہے۔ عیسائیوں کے ساتھ معاہدات کیے۔ اس حوالے سے معاہدہ نجران مشہور و معروف ہے۔ عیسائیوں کا ایک وفد جب نجران سے مدینہ منورہ تشریف لایا تو آپ ﷺ نے انہیں مسجد نبوی ﷺ میں ٹھہرایا اور انہیں اپنے مذہبی طریقے سے عبادت کرنے کی اجازت دی، یہاں تک کہ یہودی کا جنازہ گزرا تو اس کے لیے بھی احتراماً کھڑے ہو گئے۔ اسلام صرف مکالمہ اور بات چیت پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ پُر امن بقائے باہمی کا درس دیتا ہے۔ قرآن میں موجود ہے کہ لا اکراہ فی الدین۔ آپ ﷺ نے کبھی بھی زبردستی نہیں کی بلکہ ہمشہ رواداری سے کام لیا اور کبھی خود سے معاہدات کو نہیں توڑا۔ آج مفاہمت اور رواداری کی ضرورت پہلے سے زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا جو غیروں میں یہ نظریہ پایا جاتا تھا کہ مذہب کو سوسائٹی سے الگ کر دیا جائے اب وہ معدوم ہوتا ہے جا رہا ہے اور اقوام غیر دوبارہ مذہب کی طرف لوٹ رہی ہے۔ جس طرح اکبر نے ''دین الہی'' کو متعارف کرایا تھا آج پھر اس کا تجربہ کیا جا رہا ہے ایک ہی چھت کے نیچے عیسائی، یہودی، مسلمان عبادت کرتے نظر آتے ہیں مگر یہ تجربہ بھی ناکام ہو گیا اور توجہ حاصل نہیں کر سکا۔ ضروری ہے کہ ہر طبقہ اپنے اپنے عقیدے پر قائم رہے اور دوسرے کے وجود کو خندہ پیشانی سے تسلیم کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان وہ واحد ملک ہے جہاں اقلیتوں کو مکمل حقوق حاصل ہیں۔ بلدیاتی اداروں سے لیکر ایوان بالا تک اقلیتوں کے لیے نشستیں اور ملازمتوں میں کوٹہ مخصوص ہے۔ پاکستان کے لیے جدت اور شدت دو بڑے چیلنج ہیں۔ جدت نے اجتہاد کو اور شدت نے جہاد کو سوالیہ نشان بنا دیا ہے۔

وفاق المدارس کے نمائندہ مولانا غلام محمد سیالوی نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضرت محمد مصطفی ﷺ کی پیدائش امن والے شہر مکہ میں ہوئی۔ آپ ﷺ صبر کا پیکر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بنے رہے۔ مصائب، تکالیف اور پریشانیوں کو خندہ پیشانی سے برداشت کرتے رہے اور ہمیشہ مذہبی رواداری کا درس دیتے رہے۔ ہمیں معاشرے میں تمام گروہوں اور طبقات کو تسلیم کرتے ہوئے ان کے حقوق کو بھی تسلیم کرنا ہوگا۔ اسلام ہمیشہ سے تصادم کے خلاف رہا۔ دہشت گردی کے وجہ سے فاصلے بڑھتے جا رہے ہیں۔ ضروری ہے کہ الفت، محبت اور مودت کی فضا قائم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ توہین رسالت اور توہین قرآن پر خاموشی قطعاً جائز نہیں۔

محمد یاسین ظفر (ڈپٹی سیکریٹری مدارس سلفیہ) نے کہا کہ مذہبی رواداری کی اہمیت و ضرورت ہر جگہ محسوس کی جاتی رہی ہے۔ اس کے لیے تمام مذاہب اور مسالک سنجیدہ کوششیں کرتے رہے ہیں۔ اختلاف رائے فطرتی عمل ہے۔ تاہم ہمیں اختلاف اور مخالفت میں فرق کو سمجھنا ہوگا۔ اختلاف سے نئی راہیں کھلتی ہیں جبکہ مخالفت سے دشمنی بڑھتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اختلاف رائے کو برداشت کریں اختلافات دوسروں کے دلائل اور منطق کو سمجھنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ اسلام میں اختلاف کی گنجائش موجود ہے۔ قومی، سیاسی، علاقائی رواداری کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ اس کے لیے مدارس کے پلیٹ فارم کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔

علامہ سید نیاز حسین نقوی (وفاق المدارس شیعہ پاکستان) نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیں مشرک کو بھی برا بھلا نہیں کہنا چاہیے۔ جبکہ مشرک کو برا بھلا کہنے کی اجازت نہیں تو پھر ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان کو برا بھلا کہنا کس طرح جائز ہے۔ اسلام کے معنی ہی رواداری کے ہیں۔ مسلمان وہی ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہے۔ لفظ اسلام میں رواداری اور محبت موجود ہے۔ اگر ہم فرقہ بندی کو ختم نہیں کر سکتے تو فرقہ واراریت کو ختم کر دیا جائے۔

جمعیت اتحاد العلماء پاکستان کے صدر مولانا عبد المالک نے کہا کہ رواداری کے ہرگز یہ مطلب نہیں کہ ظلم برداشت کیا جائے۔ حملہ آوروں کے سامنے جھکنا رواداری نہیں۔

ان کے علاوہ جمعیت اہلحدیث کے نائب صدر علامہ زبیر احمد ظہیر، خطیب جامعہ نعیمیہ راغب حسین نعیمی، خطیب بادشاہی مسجد عبد الکبیر آزاد، پیر مفتی خالد حسین، علامہ سید نیاز حسین نقوی نجفی، علامہ ساجد حسین نقوی اور علامہ سعید احمد صدیقی صاحب نے بھی خطاب فرمایا۔

کانفرنس کے آخر میں وزیر اعظم پاکستان جناب سید یوسف رضا گیلانی نے خطاب کیا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اور مختلف علماء کرام کی جانب سے اٹھائے گئے سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ اس اہم موقع پر وزیر اعظم پاکستان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قومی اور بین الاقوامی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے کانفرنس کا انعقاد شاندار قدم ہے۔

علماء کرام سے مخاطب ہوتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن، عدلیہ اور انتظامیہ جب میری بات مان لیتی ہیں تو علماء کرام میری بات کیوں نہیں مانتے؟ قانون پر عمل درآمد سے ہی سب کے حقوق کا تحفظ ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ''ناموس رسالت قانون میں تبدیلی نہیں ہوگی، لیکن کسی بھی قانون کا غلط استعمال نہیں ہونا چاہیے اور نہ کرنے دیں گے۔'' تشدد کے واقعات سے پاکستان کی بدنامی ہوتی ہے اور مغرب میں ان واقعات کو اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاتا اس سے بیرون ملک مقیم پاکستان کے لیے بھی مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔ لہذا ضرورت اس بات کی ہے کہ اسلام کی صحیح تشخص اجاگر کیا جائے۔ جس ملک میں آئین اور قانون پر عمل نہیں ہوتا وہاں جنگل کا قانون ہوتا ہے کیا آپ چاہتے ہیں کہ یہاں بھی جنگل کا قانون ہو اور آئین نہ ہو۔ قانون پر عمل درآمد نہیں ہوگا تو کسی کے حقوق کا تحفظ نہیں کر سکتے۔ ہمارے ہاں کوئی شیعہ، کوئی سنی، کوئی دیوبندی، کوئی بریلوی، کوئی سندھی، کوئی بلوچ، کوئی پٹھان اور کوئی سرائیکی ہے، ہم سب کو پاکستانی بننا اور ایک ہونا چاہیے۔ ہم چاہتے ہیں کہ جو حکومت بھی آئے وہ اقلیتوں کو اسی طرح تحفظ دے جیسے موجودہ حکومت دے رہی ہے۔ ہم نے سیاسی رواداری کے تحت اپنی داڑھی اپوزیشن لیڈر کے ہاتھ میں دے دی ہے۔ بدامنی کا پودا انسانی غلطیوں سے وجود میں آتا ہے۔ زبردستی عقیدہ مسلط کرنا اسلام کے ہاں ناپسندیدہ عمل ہے۔ تمام فرقے اسلامی تعلیمات کے سرچشمہ قرآن کریم اور سنت رسول ﷺ سے روشنی حاصل کر کے اتحاد و اتفاق کے پیغام کو عام کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں اسلام کی مذہبی رواداری پر مبنی اقدار کو فروغ دینا چاہیے۔ عقیدے کے سلسلے میں کسی بھی قسم کی زور زبردستی کی گنجائش نہیں۔ اسلام کی درست تشریح، اور معاشرے میں تحمل، برداشت اور رواداری کی تعلیمات کو عام کرنے کی ضرورت ہے۔ عالمی دہشت گردی نے دنیا کا سکون تباہ کر دیا، انتہا پسندی اور رجعت پسندی کا راستہ انحطاط اور تباہی کا راستہ ہے، مسلمان اقوام عالم، عالم کی فکری، سائنسی، اقتصادی، اور سیاسی میدان میں قیادت کا فریضہ سرانجام دے سکتے ہیں۔ ہمیں ہر قسم کے اختلافات کو بھلا کر ملت اسلامیہ کی سلامتی اور خوشحالی کی طرف دھیان دینا ہوگا۔ علماء کرام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اسلام کی صحیح ترجمانی کریں۔ آج کی دنیا سائنس و ٹیکنالوجی کی دنیا ہے۔ ایک طرف تو انسان تیزی سے آگے سے آگے کی طرف بڑھتا جا رہا ہے جبکہ دوسری طرف اس سے زیادہ تیزی کے ساتھ انسان خوف و ہراس، بھوک و افلاس، ظلم و تشدد اور دہشت گردی کے گہرے جہنم میں گرتا جا رہا ہے۔ سیاسی رواداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے پرویز مشرف جس نے مجھے ۵ سال جیل میں رکھا معاف کر دیا حتیٰ کہ میں نے اس جج کو ملازمت میں توسیع دی جس نے مجھے سزا سنائی۔ ادارے مضبوط ہوں گے تو سب کو تحفظ حاصل ہوگا، اگر ادارے کمزور ہوں گے تو مجھ سمیت کوئی بھی محفوظ نہیں رہے گا۔ آخر میں علامہ محمود اشرفی نے دعا کروائی۔ اس طرح علماء و مشائخ کانفرنس اپنے اختتام کو پہنچی جس میں پاکستان، عالم اسلام اور مغربی اقوام کو یہ پیغام دیا گیا کہ مذہبی رواداری کو اپنا جائے۔
(ختم شد)

قائد ملت گورنمنٹ ڈگری کالج میں ہفتہ طلباء ۲۰۱۱ء کا انعقاد

حصول علم اور اس کا فروغ ملک وملت کی عظیم خدمت ہے اور انبیاء کی سنت ہے، میں آج تمام انعام یافتگان طلباء کو پیش گی مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں۔ ہفتہ طلباء کے حوالہ سے اختتامی تقریب جلسہ سیرت النبی ﷺ کی صورت میں منعقد کی گئی جس سے ایڈمنسٹریٹر خالد ریاض صدیقی لیاقت آباد ٹاؤن نے خطاب کیا۔ قائد ملت گورنمنٹ ڈگری کالج میں پچھلے پانچ سالوں کی طرح اس سال بھی ہفتہ طلباء کے حوالہ سے کھیلوں کے مقابلے منعقد کرائے گئے اور پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کو کپ، ٹرافی، اور سرٹیفکیٹ دیئے گئے، اسی مناسبت سے اختتامی تقریب سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے

بعنوان: "طلباء کی تعلیم و تربیت والدین و اساتذہ کی ذمہ داریاں سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں"
منعقد کی گئی، تقریب کے مہمان خصوصی ایڈمنسٹریٹر لیاقت آباد ٹاؤن خالد ریاض صدیقی تھے اور صدر جلسہ پروفیسر مظفر حسین ملاٹھوی سابق ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز کراچی تھے، موضوع کی مناسبت سے خصوصی خطاب مولانا عاصم صاحب ڈائریکٹر پروڈکشن نور ٹیوی نے کیا۔ ڈی ڈی اور ریونیو لیاقت آباد نے بھی شرکت کی۔ تقریب میں سابق پرنسپلز پروفیسر سعید الرحمٰن خان صاحب، پروفیسر امیر احمد خان صاحب، پروفیسر منظور حسین چشتی صاحب نے مندرجہ بالا عنوان پر خطاب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کیا۔

پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب پرنسپل قائد ملت نے سپاسنامہ پیش کیا اور خطاب کیا، مہمانوں کو اپنی کتاب ''اسلام کی تبلیغ میں تاجروں کا کردار'' اور کالج کا سالانہ مجلہ ''قائد'' تحفتاً پیش کیا۔

پروفیسر ذوالفقار دانش صاحب نے اسٹیج سیکریٹری کے فرائض انجام دیے، تقریب کے اختتام پر مہمانوں کی ناشتہ تواضع کی گئی۔

پروفیسر ذوالفقار صاحب اور پروفیسر حبیب الرحمٰن صاحب نے کھیلوں کا انعقاد کیا۔

طلباء نے مہمان خصوصی کی آمد پر قائد ملت کا خصوصی ترانہ پیش کیا۔

چیف ایڈیٹر کے مشاہدات و تاثرات و تجاویز

سہ روزہ عالمی سیرت النبی ﷺ کانفرنس ۷ تا ۹ مارچ ۲۰۱۱ء

بمقام: میریٹ ہوٹل اسلام آباد، زیر اہتمام تنظیم صلاح المسلمین/ مجلس صوت الاسلام

ملک و بیرون ملک ۲۰۱۰ء تا مارچ ۲۰۱۱ء مسلسل نیشنل و انٹرنیشنل کانفرنسوں میں شرکت کا موقع ملا، مصر کے دارالحکومت قاہرہ میں جامعہ قارہ کے زیر اہتمام سیرت کانفرنس میں شرکت سے آغاز ہوا اور اسلام آباد میں شرکت پر اختتام ہوا۔

اس ادارہ و تنظیم سے تعلق کا یہ پہلا موقع تھا۔ مجھے افسوس ہے کراچی میں جہاں مرکزی ادارہ جامعہ اسلامیہ اور صوت الاسلام واقع ہے، اس شہر کا باسی ہونے کے باوجود عظیم خدمات سے ناواقف تھا، جسے یہ ادارہ انجام دے رہا ہے۔ اس غفلت کا ایک سبب میری تصنیفی مصروفیات، دوسرے انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی (جو ۲۵۰ پرائیویٹ گورنمنٹ کالجز میں علوم اسلامیہ کے اساتذہ کی نمائندہ رجسٹرڈ تنظیم ہے) کی تنظیمی مصروفیات تیسرے پرنسپل شپ کی انتظامی ذمہ داری و متفرق امور تھے۔

باہر حال مجھے یہ مشاہدہ کر کے دلی مسرت حاصل ہوئی کہ یہ کانفرنس علمی مقالات کے لحاظ سے مہمانوں کی خدمت کے حوالہ سے انتظامی امور کے حوالہ سے نظم و ضبط کے نقطۂ نظر سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

عالمی سطح کی کانفرنس تھی اور کانفرنس میں جن عنوانات کو زیر بحث لایا گیا، اور سیرت طیبہ ﷺ کے تناظر میں گفتگو کی گئی، عالمی تناظر اور موجودہ حالات کے پس منظر میں جن عنوانات و موضوعات کو سیرت النبی ﷺ کے حوالہ سے زیر بحث لایا گیا یہ عہد حاضر کی اہم ضرورت تھی مثلاً فرائض و حقوق سے بحث عالمی ضرورت تھی، بالخصوص عصر حاضر کے مسائل غیر مسلموں سے تعلق اور ان کا تحفظ اخلاق و معاشرت امن و امان اور اعتدال پسندی کو بہت خوبصورتی سے اجاگر کیا گیا ہے۔

الحمدللہ پچھلے دس پندرہ سالوں سے صوبائی و عالمی کانفرنسوں میں شرکت اور خطاب کا موقع ملتا رہا ہے، لیکن سامعین کی جو دلچسپی اس کانفرنس میں دیکھی وہ اس سے قبل نہیں دیکھی گئی، جس خوبصورتی سے وقت پر کانفرنس کا آغاز و اختتام کیا گیا اور تمام مقررین کو خطاب کا موقع فراہم کیا گیا یہ جملہ منتظمین کی صلاحیتوں کا اعلیٰ نمونہ ہے، اور مجھ سمیت تمام شرکاء اس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکے۔ کانفرنس کے پیغام کو ملکی و غیر ملکی سطح کے ارباب حل و عقد تک بھرپور انداز میں پہنچانے کے لئے جدید میڈیا کا سہارا لیا گیا، مترجمین سے مدد لی گئی، یہ خصوصیات دیگر کانفرنسوں کے مقابلہ میں اس کانفرنس کو ممتاز بنا دیتی ہیں۔

مجھے ملک و بیرون ممالک جن کانفرنسوں میں شرکت کا موقع ملا وہ عموماً سرکاری طور پر منعقد کی گئیں یا سرکاری اداروں (یونیورسٹیز وغیرہ) اور ان کے تعاون سے منعقد کی گئیں۔

جامعہ المرکز الاسلامی بنوں (جس نے دس سے زائد قومی فقہی کانفرنسیں منعقد کیں) پاکستان کا پہلا دینی و مذہبی ادارہ تھا، جس نے علمی موضوعات پر کانفرنسوں کے انعقاد کا آغاز کیا تھا، مجھے بھی اس کے متعدد پروگراموں میں شرکت اور خطاب کی سعادت حاصل رہی۔

اس جامعہ کے بعد جامعہ اسلامیہ دوسرا عظیم مذہبی و دینی ادارہ ہے، جس نے عصر حاضر کے مسائل و اسلوب کو پیش نظر رکھتے ہوئے بھرپور انداز میں کام کا آغاز کیا ہے اور جامعہ کا تعارفی کتابچہ دیکھنے سے معلوم ہوا، پچھلے چند سالوں میں درج ذیل کانفرنسیں منعقد کی گئی ہیں۔

۱۔ فلاح انسانیت کانفرنس ۲۔ نئی حج و عمرہ پالیسی سیمینار
۳۔ فلسفہ سنت ابراہیم خلیل اللہ سیمینار ۴۔ شہادت فاروقؓ و حسینؓ کانفرنس
۵۔ محسن انسانیت کانفرنس پشاور ۶۔ محسن انسانیت کانفرنس کراچی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جامعہ اسلامیہ بحیثیت ادارہ کے بہت اہم پہلوؤں پر کام کر رہا ہے، مثلاً تخصص فی الدعوۃ والارشاد صحافت کورس، فن خطابت واسلوب کلام۔ اسلامک بینکنگ کورس، کمپیوٹر سائنس، انگلش وعربی لینگویج کورس وغیرہ۔

اس کے بانی مفتی محی الدین صاحب اور روح رواں مفتی ابو ہریرہ صاحب ہیں یہ کوششیں پوری ٹیم کی وسعت ذہنی وسعت قلبی اور عالمی فکر و سوچ اور عصر حاضر کی ضرورتوں سے آگاہی کی غمازی کرتی ہیں۔

اس قدر ہمہ جہت شخصیات کا ایک ادارہ سے وابستہ ہونا اس شہر کراچی اور ملک کے لئے نیک فال اور نعمت ہے۔

معروضی دور میں جبکہ مولوی ہونا ہی جرم ٹھہرا ہے، ملکی و عالمی استعماری قوتیں انہیں زندگی کا حق دینے کے لئے بھی تیار نہیں ہیں، ان حالات میں دینی و مذہبی ادارہ کا قیام واستحکام اور روایتی اسلوب کو اپنانے کے ساتھ جدید ذرائع کا استعمال ملک کے تمام مذہبی لوگوں اور اداروں کے لئے قابل تقلید نمونہ ہے۔

کانفرنس اور تعارف کا مطالعہ ومشاہدہ اگر بذاتہ نہ ہوتا تو انہیں یقیناً کسی کا تاثر یا مبالغہ پر مبنی تعارف سمجھتا۔ لیکن جو کچھ مشاہدہ میں آیا اسے خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے چند کلمات تحریر کر دیئے ہیں۔

گذارشات:

جامعہ اسلامیہ کی ٹیم کو تجاویز پیش کرنا سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف ہے، لیکن پھر بھی چند نکات پیش خدمت ہیں۔

۱۔ صوت الاسلام کی کوششوں وکاوشوں کو ہمہ گیر بنانے کے لئے کراچی وقومی سطح پر مشاورتی کمیٹی تشکیل دی جائے، تاکہ پروگراموں کے انعقاد کو مؤثر بنانے کے لئے بہتر حکمت عملی اختیار کی جاسکے، اور اس کمیٹی میں قدیم وجدید علوم سے آگہی رکھنے والے پروفیسر ڈاکٹر محمد سعد صدیقی جیسے خواتین وحضرات شامل ہوں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۲۔ کانفرنس کے اخراجات کم کرنے کے لے صوبائی کانفرنسیں منعقد کی جائیں، جو کہ عہد حاضر کے قومی و عالمی مسائل مثلاً خواتین کے حقوق و فرائض بچوں کے حقوق و فرائض غیر مسلموں کے حقوق و فرائض۔ اسلام کی خارجہ پالیسی، مسلم حکومت کا دوسری مسلم حکومت کے خلاف غیر مسلموں/ غیر مسلم حکومتوں کی مدد کرنا، مسلم حکومت کے حقوق و فرائض۔ مذہبی و دینی اداروں کا معاشرتی رول مؤثر بنانے کے اسلوب۔ وغیرہ

۳۔ صوت الاسلام کی کوششوں و کاوشوں کو ہمہ گیر بنانے اور مختلف شعبہائے حیات کو قریب لانے کے لئے اسٹیج پر سب کو مدعو کیا جائے، بالخصوص عصری جامعات و کالجز کو تا کہ عالمی سازشوں اور پروپیگنڈے کا ازالہ ہو اور عوامی پذیرائی میں اضافہ ہو۔

۴۔ کانفرنسوں میں پیش کردہ تحقیقی و معیاری مقالات کو ششماہی مجلہ کی صورت میں شائع کیا جائے یہ مجلہ اگر ہائر ایجوکیشن کی شرائط پر مرتب کیا جائے تو مجلہ کی کفالت بھی ہو جائے گی (یعنی H E C اس کے اخراجات برداشت کرے گی)

۵۔ کم از کم ہر سال سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد کیا جائے۔

۶۔ مقالات کا معیار بہتر بنانے کے لئے کم از کم چار ماہ قبل اہل علم کو مقالہ لکھنے کی دعوت دی جائے، مقالہ کے معیار کو جانچنے کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دی جائے، غیر معیاری ہونے کی صورت میں دوبارہ بہتر بنانے کا موقع دیا جائے تا کہ کانفرنس کا علمی معیار و وقار بڑھتا ہے۔

۷۔ مقالہ نگاروں کے مختصر کوائف چند لائنوں میں تعارفی کتابچوں کے ساتھ شامل کرلیں، اور اسٹیج پر بیان کریں تا کہ مقررین کا تعارف کانفرنس کی اہمیت میں اضافہ کا ذریعہ بن سکے، آپ کے شاندار پروگرام کی بدولت میں نے بہت سے اہل علم کو جستجو کرتے ہوئے سنا اور اندازہ لگایا بہت سی اہم شخصیات کانفرنس میں شرکت و خطاب کی خواہاں تھیں۔

میں اس کامیاب کوشش و کاوش پر انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی سندھ (رجسٹرڈ) کے جملہ عہدیداران و ممبران کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور پاکستان کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ارباب حل وعقد سے اس کی سرپرستی اور حوصلہ افزائی کرنے کی درخواست کرتا ہوں۔

آخر میں دعاء گو ہوں اللہ تعالیٰ اس کانفرنس کے ذریعہ عوام واہل علم اور حکمرانوں کا قبلہ درست فرمائے اور دنیاوی واخروی کامیابی کا ذریعہ بنائے۔ (آمین)

جامعہ کراچی، وفاقی اردو یونیورسٹی علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور ہمدرد یونیورسٹی

مندرجہ بالا کانفرنس کی تفصیلی رپورٹ اور قرارداد

سہ روزہ عالمی کانفرنس ۷ تا ۹ مارچ ۲۰۱۱ء میرٹ ہوٹل اسلام آباد میں منعقد ہوئی، جس کی چھ نشستیں ہوئیں، یہ انعقاد جامعہ اسلامیہ کلفٹن کراچی کے ارباب حل وعقد کی جانب سے قائم کردہ مجلس صوت الاسلام کے زیر اہتمام ہوا۔

کانفرنس میں ۱۸ ممالک کے نامور علماء نے شرکت کی اور پاکستان کے چاروں صوبوں سے بھی نمائندگی موجود تھی، منتظمین نے تمام شرکاء کانفرنس کو انوائے کانٹی نینٹل ہوٹل و دیگر ہوٹلوں میں قیام کروایا اور آنے جانے کا جہاز کا ٹکٹ دیا، تین یوم تک تمام مہمانوں کی شاندار دعوت کا اہتمام کیا گیا۔ ہوٹل سے کانفرنس ہال تک لانے کے لئے بہترین گاڑیوں کا انتظام کیا گیا تھا، ٹی وی ریڈیو و اخبارات نے کانفرنس کی بھرپور نشر و اشاعت کی اور وزیر اعظم پاکستان نے کانفرنس کا افتتاح کیا، سابق عارضی وزیر اعظم چودھری شجاعت نے اختتام کیا، وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور موجودہ وزیر اطلاعات فردوس عاشق اعوان صاحبہ نے کانفرنس میں شرکت کی، کانفرنس میں جن علماء، مفکرین و دانشوروں نے جن عنوانات پر خطاب کیا اس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

مقالہ نگار	نشست کے عنوان کی تفصیل
۱۔ مولانا نور عالم امینی صاحب	انسانی حقوق کی حفاظت کا تصور، سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں
۲۔ ڈاکٹر علی اصغر چشتی صاحب	اسلامی مملکت میں اقلیتیں، حقوق و فرائض
۳۔ مولانا عبد الرشید بستوی صاحب	مسلمان بطور اقلیت، انفرادی اور اجتماعی زندگی کے اسالیب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۴۔ مولانا زاہد الراشدی صاحب	انسانی حقوق کا اقوام متحدہ کا چارٹر اور اسلام میں انسانی حقوق کی حفاظت
۵۔ پروفیسر حافظ شفیق الرحمٰن صاحب	قیدیوں کے ساتھ حسن سلوک سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں
۶۔ مولانا مصطفیٰ آزاد صاحب بنگلہ دیش	خواتین کے حقوق سیرۃ طیبہ ﷺ کی روشنی میں
۷۔ ڈاکٹر خانم طیبہ بخاری صاحبہ	خواتین کے حقوق سیرۃ طیبہ ﷺ کی روشنی میں
۸۔ مولانا مفتی ابو ہریرہ محی الدین صاحب	سفراء اور مندوبین کے ساتھ سلوک عہد نبوی کی روشنی میں
۹۔ ڈاکٹر عبید اللہ خان صاحب (انٹرنیشنل یونیورسٹی)	بچوں کے حقوق سیرۃ طیبہ ﷺ کی روشنی میں

خطاب صدر مجلس: مولانا قاری حنیف جالندھری صاحب، جنرل سیکریٹری وفاق المدارس العربیہ پاکستان

۱۰۔ مولانا سلمان الحسینی ندوی صاحب انڈیا	سیرت مطہرہ سے مستفاد نظام تعلیم کے بنیادی خدوخال
۱۱۔ مولانا نور الحسن قاسمی صاحب بنگلہ دیش	عصری نظام تعلیم میں دینی علوم کی اہمیت اور نصاب سازی
۱۲۔ ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب	دور حاضر میں فکری تربیت کا نظام، مناہج و اسالیب سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں
۱۳۔ مولانا محمد اسعد تھانوی صاحب	دور جدید میں دینی وعصری تعلیم کا امتزاج اور جدید ذرائع ابلاغ کا استعمال
۱۴۔ ڈاکٹر محمود الحسن عارف صاحب	سیرت طیبہ اور مستشرقین
۱۵۔ ڈاکٹر ابراہیم محمد ابراہیم صاحب مصر جامعہ الازہر	الجمع بین علوم الدین والدنیا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۱۶۔ مولانا سلیم کریم صاحب ساؤتھ افریقہ	
۱۷۔ ڈاکٹر حافظ محمد ثانی صاحب	معلمین اخلاق میں رسول اکرم ﷺ کا مقام وامتیاز اور جامعیت
۱۸۔ ڈاکٹر حافظ عبدالباسط صاحب	نبی کریم ﷺ کے فلسفہ اخلاق کا انسانی نفسیات کی روشنی میں جائزہ
۱۹۔ ڈاکٹر قاری فیوض الرحمٰن صاحب	اسلام کا فلسفہ اخلاق اور دنیا پر اس کے اثرات
۲۰۔ مشتاق احمد کلوٹا صاحب	عصری و مذہبی تعلیم میں اخلاق و کردار سازی کی اہمیت
۲۱۔ پروفیسر مشتاق احمد صاحب	اسلام کی جنگی اخلاقیات سیرۃ مطہرہ کی روشنی میں
۲۲۔ ڈاکٹر دوست محمد صاحب	مذاہب اور مذہبی شخصیات کا احترام اور عہد نبوی کی تعلیمات
۲۳۔ ڈاکٹر بلال احمد قریشی صاحب	سیرت نگاری میں جدید مغربی طرز فکر کا ایک جائزہ
۲۴۔ ڈاکٹر حامد اشرف ہمدانی صاحب	ضرورة الاخلاق و تزكية النفس في مجال التعليم
۲۵۔ ڈاکٹر سید عزیز الرحمٰن صاحب	امن کی تعلیمات قرآن کریم وسنت کی روشنی میں
۲۶۔ ڈاکٹر اویس سرور صاحب	فتنہ وفساد کی حقیقت اور تعلیمات نبوی ﷺ
۲۷۔ مفتی خالد صاحب	انسانی جان کی قدر و قیمت تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۲۸۔ پروفیسر منیر احمد صاحب — خودکش حملے، دہشت گردی اور تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں

۲۹۔ ڈاکٹر محمد عبداللہ صاحب — پاکستان میں پائیدار امن تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں

۳۰۔ ڈاکٹر ساجد الرحمٰن صدیقی صاحب — عہد نبوی میں یہود مدینہ اور قریش مکہ سے معاہدات، عصر حاضر میں استفادے کی راہیں

۳۱۔ مولانا ڈاکٹر احمد علی سراج صاحب کویت — علاقائی اور لسانی عصبیتوں کا خاتمہ مواخات مدینہ کی روشنی میں

۳۲۔ ڈاکٹر فضل الرحمٰن صاحب — اقوام عالم کے عرف اور معاہدات کا احترام سیرۃ نبوی کی روشنی میں

۳۳۔ پروفیسر حافظ زاہد علی ملک، پنجاب یونیورسٹی، الاسلام دین الامن والسلام

قرارداد کے اہم نکات: کانفرنس کے اختتام پر قراردادیں پیش کی گئیں

۱۔ سیرت طیبہ ﷺ تحقیقی ادارہ کا قائم کر کے ذخیرہ کتب و علمی مقالات جمع کئے جائیں۔ مستشرقین کے جوابات دیے جائیں، مرکز الدراسات السیرۃ کا قیام عمل میں لایا جائے۔

۲۔ نصاب میں سیرت النبی ﷺ کو شامل کیا جائے اور سیرت پر تحقیقات کرائی جائیں۔

۳۔ اسکول کی سطح سے گریجویٹ تک نصاب میں سیرت النبی ﷺ کو شامل کیا جائے۔

۴۔ بچوں کی تربیت کے لئے سیرت کا لٹریچر ان کی ذہنی سطح کے مطابق تیار کیا جائے۔

۵۔ ذرائع ابلاغ کو پابند کیا جائے، سارے سال سیرت پر لیکچرز نشر کریں۔

۶۔ حکومت قومی سیرت کانفرنس کے موضوعات کے انتخاب میں نوجوانوں کو پیش نظر رکھ کر عنوانات کا انتخاب کرے۔

۷۔ یونیورسٹیز میں سیرت چیئر قائم کی جائے، اور چیئر مین کے لئے ان افراد کا انتخاب کیا جائے جو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

سیرت پر عبور رکھتے ہوں، چیئر کے لئے HEC گرانٹ فراہم کرے۔

۸۔ HEC ہر سال تمام سیرت چیئرز کا اجلاس بلائے اور کام کا جائزہ لے۔

۹۔ 1961ء کے نافذ کردہ عائلی قوانین کا جائزہ لینے کے لئے علماء پر مشتمل کمیٹی قائم کی جائے۔

۱۰۔ دینی مدارس کے نصاب میں عہد حاضر کی مناسبت سے تبدیلی کی جائے، خاص کر اسلامی معاشیات کا اضافہ ہونا چاہیے۔

جامعہ کراچی کی فیکلٹی آف اسلامک اسٹڈیز میں ایڈھاک ازم کا تسلسل:

علمی سرقے میں ملوث پروفیسر کے خلاف کارروائی نہ ہونے کے باعث جامعہ کراچی میں فیکلٹی آف اسلامک اسٹڈیز میں تیسرا ڈین بھی قائم مقام مقرر کردیا گیا ہے۔ تیسرے قائم مقام ڈین شعبہ اصول دین کے پروفیسر ڈاکٹر حسام الدین منصوری نے اپنے عہدے کا چارج قائم مقام ڈین پروفیسر غلام مہدی سے لیا جو مستقل ہوئے بغیر ریٹائر ہوگئے۔ جبکہ ان سے پہلے ڈاکٹر اختر سعید بعد میں قائم مقام ڈین کی حیثیت سے ریٹائر ہوئے تھے۔ فیکلٹی آف اسلامک اسٹڈیز میں ایڈھاک ازم کی بنیاد اس وقت پڑی جب ڈین پروفیسر جلال الدین نوری کے تحقیقی مقالے کو شریعت کورٹ کے سابق چیف جسٹس حاذق الخیری نے علمی سرقہ قرار دیا، (اور ڈاکٹر عبدالرشید سپروائزر کو عربی نہ جانتے ہوئے سپروائزر بننے پر مساوی ذمہ دار قرار دیا) جس کے بعد ۱۸ مئی ۲۰۰۹ء کو انہیں معطل کردیا گیا ہے اور اس کے بعد سے فیکلٹی میں قائم مقام ڈین کے تقرر کا سلسلہ چل نکلا ہے جو تا حال جاری ہے، جامعہ کراچی کی جانب سے نئے ڈین کے لئے جو تین نام گورنر ہاؤس بھیجے جانے کا فیصلہ کیا گیا تھا، اس میں معطل ڈین جلال الدین نوری کو بھی شامل کرلیا تھا، جبکہ باقی دو ناموں میں پروفیسر حسام الدین منصوری اور ڈاکٹر شکیل اوج شامل ہیں، اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جامعہ کراچی پروفیسر جلال الدین نوری کے خلاف کوئی سنجیدہ کارروائی نہیں کرے گی اور ریٹائرمنٹ تک معطل رکھے گی اور اس وقت تک قائم مقام ڈینز کی تقرری کا سلسلہ جاری رہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

گا۔(بحوالہ جنگ کراچی، ۱۳ اگست ۲۰۱۰ء)

علماء دیو بند اور علماء بریلی کے اتحاد کا ایک تاریخی معاہدہ:

۱۲/فروری ۱۹۹۰ء کو حنفی مسلک کے علماء دیو بند اور بریلی کا ایک نمائندہ اجلاس منعقد ہوا جس میں دونوں مکاتب فکر کے سرکردہ اور نمائندہ علماء اکھٹے ہوئے اور انہوں نے باہمی اتحاد و اخوت اور فکری ہم آہنگی پیدا کرنے کے لئے متفقہ طور پر ایک فارمولا مرتب کیا جس کا متن درج ذیل ہے۔

کتاب 'اتحاد بین المسلمین اور اس کے تقاضے' مسمی بنام دعوتِ فکر مطبوعہ مکتبہ اشرفیہ مرید کے صفحہ ۳۴ تا ۳۵ کی عبارت منقولہ از کتاب ''اشد العذاب'' کے تحت دونوں فریقوں کے بزرگوں کا جن کے دستخط ثبت ہیں، اس بات پر اتفاق ہوا کہ مذکورہ بالا عقائد سے ہمیں پورا اتفاق ہے، لہٰذا کسی بڑے سے بڑے عالم کی عبارت یا قول جو ان عقائد و افکار سے جو کتاب اشد العذاب کے صفحات کے حوالہ سے کتاب دعوتِ فکر کے صفحہ ۳۴ تا ۳۵ پر چھپے ہوئے ہیں، متصادم یا متضاد ہوں ہم ان سے برأة و لاتعلقی کا اعلان کرتے ہیں۔ اس کے بعد ہم دونوں مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے زیر دستخطی حضرات اس بات کا معاہدہ کرتے ہیں کہ ہم باہمی اتفاق و اتحاد کا عظیم الشان اور پائیدار مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان میں اور پاکستان سے باہر پوری دنیائے اسلام میں مکمل طور پر اسلامی نظام نافذ کریں گے اور پوری دنیائے اسلام میں پھر سے نظام خلافت کو قائم کر کے تمام عالم اسلام کو ایک امیر کے جھنڈے تلے جمع کریں گے، نیز ہم اپنے فکری تشخص (بریلوی و دیو بندی) کو ختم کر کے صرف اہلسنت و جماعت کہلائیں گے۔ بحمدہ تعالیٰ اس کے بعد ہم میں کوئی اصولی و فروعی اختلاف نہیں رہا نیز ہم ایک دوسرے کو اور ایک دوسرے کے بزرگوں کو توہین آمیز اور غیر مؤدبانہ الفاظ سے یاد نہیں کریں گے بلکہ ان کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتے ہوئے ایک دوسرے کے خلاف کوئی رسالہ یا کتاب یا مضمون نہیں چھاپیں گے اور نہ ہی کوئی ایسا کام کریں گے جس سے باہمی اتحاد و اتفاق کو ٹھیس پہنچے اور یہ کہ اپنی تمام علمی و فکری صلاحیتیں اصلاح معاشرہ و اتحاد ملت کے لئے صرف کریں گے اور انفرادی و اجتماعی محافل و مجالس منعقد

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کر کے لوگوں کے ذہنوں کو اسلامی نظام کے لئے تیار کریں گے۔

اس معاہدہ پر دستخط کرنے والوں میں مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی (ناظم جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور) مولانا مفتی غلام سرور قادری (ناظم اعلیٰ جامعہ رضویہ ماڈل ٹاؤن، لاہور) مولانا عبدالاحد القاسمی (مہتمم دارالعلوم، انڈیا) مولانا رشید میاں (لاہور) مولانا سلیم اللہ خان (مہتمم جامعہ فاروقیہ، کراچی)، مولانا فداء الرحمٰن درخواستی (مہتمم جامعہ انوار القرآن، کراچی)، مولانا عبدالمالک (جامعہ مرکز علوم اسلامیہ منصورہ، لاہور) اور مولانا عبداللطیف (ناظم مدرسہ عربیہ نجم المدارس، کراچی) وغیرہ شامل تھے۔

یہ معاہدہ اس بات کا ثبوت ہے کہ علماء کرام کے سنجیدہ عناصر اتحاد بین العلماء کے حامی اور موید ہیں اور اختلاف و انتشار کو ناپسند کرتے ہیں۔ لہٰذا جو عناصر علماء کے درمیان انتشار و تشتت کو ہوا دیتے ہیں وہ نہ علماء کے خیر خواہ ہیں اور نہ امت کے۔ علماء اور عوام کا مفاد اس میں ہے کہ ان کے اندر اتفاق و اتحاد کی فضاء پروان چڑھے اور ان کے درمیان اخوت و مؤدت اور بھائی چارے میں اضافہ ہو۔

اس وقت جب کہ عالم کفر خود ہمارے حکمرانوں کے تعاون سے اپنی ملحدانہ فکر و تہذیب، ترغیب و ترہیب کے ہر ہتھکنڈے سے ہمارے معاشرے میں نافذ کرنے پر تلا بیٹھا ہے، سارے مکاتب فکر کے علماء کرام کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ متحد ہو کر اس صورت حال کا مقابلہ کریں۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ مذکورہ معاہدے کی نہ صرف تجدید کی جائے بلکہ اس قسم کا معاہدہ علماء دیوبند و بریلی کے علاوہ جمیع مکاتب فکر کے درمیان ہونا چاہئے اور اس پر مؤثر انداز سے عمل درآمد کے لئے ہر مسلک کے علماء پر مشتمل ایک نگران کمیٹی بھی بنی چاہئے تاکہ اتحاد کے اس معاہدے پر مؤثر طریقے سے عمل درآمد کی ضمانت بھی حاصل ہو جائے۔ (بشکریہ ماہنامہ البرہان اپریل ۲۰۱۱ء)

CAP۔ ۱۱-۲۰۱۰ء اور نئے ڈی جی پروفیسر ڈاکٹر ناصر انصار کے اہم اقدامات:

ہر سال کی طرح اس سال بھی کراچی کے ۱۲۴ کالجز اور ۳۶ ہائر سیکنڈری اسکولوں میں انٹر سال اول آرٹس/ کامرس/ سائنس میں مرکزی داخلہ پالیسی کے تحت داخلوں کے لئے CAP

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کمیٹی پروفیسر ڈاکٹر ناصر الدین انصار ڈائریکٹر جنرل ایجوکیشن کالجز سندھ کی سربراہی میں قائم کی گئی ہے، جس کا پہلا اجلاس بروز منگل ۱۰۔۷۔۶ کو ڈائریکٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں پروفیسر نجمہ نیاز صاحبہ ریجنل ڈائریکٹر کالجز کراچی، پروفیسر پرویز شیخ ڈائریکٹر فائننس راقم الحروف پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی، پروفیسر جاوید احمد، پروفیسر نجمہ کھوکھر پروفیسر ظہیر، پروفیسر سعید الظفر، وغیرہ نے شرکت کی، میٹنگ میں مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئیں۔ فائنس کمیٹی، پرچیزنگ کمیٹی، پرنٹنگ کمیٹی، پراسپکٹس اصلاحی کمیٹی وغیرہ۔

۲۱/ جولائی کو کامرس کالج میں DG صاحب اور کوآرڈینیٹر جناب نوید زبیری و خالد قریشی صاحب نے CAP اراکین کے ساتھ پریس کانفرنس کے ذریعہ داخلہ پالیسی اعلان کیا، اور ذاتی محنت سے گورنمنٹ کو لاکھوں کا جو فائدہ پہنچایا ہے، اس کی وضاحت کی پراسپکٹس کی ایک خصوصیت یہ ہے، کہ اس کے ٹائٹل پر کسی بڑے کالج یا ڈائریکٹریٹ کی تصویر دینے کے بجائے موجودہ حکومت کی کوششوں سے جو آٹھ کالجز تعمیر ہوئے ہیں، ان کی تصاویر ٹائٹل پر دی گئی ہے، ۲۲ جولائی کو اسی حوالہ سے پی۔ای۔سی۔ایچ۔ایس سوسائٹی گرلز کالج میں تمام پرنسپلز کی میٹنگ رکھی گئی۔ پرنسپلز کی اکثریت نے شرکت کی ڈی جی اور RD نے پرنسپلز سے خطاب کرتے ہوئے داخلہ پالیسی کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ موجودہ ڈی جی صاحب اور ریجنل صاحبہ کی کوششوں سے بحسن وخوبی تمام امور انجام پائے امید ہے، آئندہ سال کیپ پالیسی کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔

عالمی سیرت النبی ﷺ کانفرنس ۴۔۵ دسمبر ۲۰۱۰ء دارالعلوم جامعہ قاہرہ مصر

بعنوان: السیرۃ النبویۃ ﷺ فی القدیم و الحدیث کی رپورٹ:

جامعہ قاہرہ مصر میں شعبہ تاریخ اسلامی و تہذیب اسلامی کے زیر اہتمام دوروزہ عالمی سیرت النبی ﷺ کانفرنس منعقد کی گئی، جو کہ شعبہ کے چیئرمین الاستاذ الدکتور عبدالفتاح فتحی اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ڈین فیکلٹی الاستاذ الدکتور محمد صالح توفیق کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔

کانفرنس میں سعودی عرب، سوڈان، کویت، مصر، ہندوستان اور پاکستان سے (چیف ایڈیٹر) نے شرکت کی کانفرنس کی دودنوں میں نونشستوں کا انعقاد کیا گیا ہر اسکالر کو دس منٹ خطاب کے دیئے لئے گئے ہر نشست پر آ بزرور کے توسط سے سوال جواب کا سیشن منعقد کیا جاتا تھا۔

اہم مہمانوں میں دکتور علی بن موسیٰ الزهراني جامعة الملك السعود دكتور مشعل محمد الجداري كويت دكتور بريك بن محمد جامعة اسلاميه مدينة، دكتور علي المزيني، دكتور زبيده عطاء دكتور عبداللطيف مصري اور چیف ایڈیٹر شامل تھے۔اس موقع پر چیف ایڈیٹر کی جانب سے درج ذیل تاثرات کانفرنس کے حوالہ سے پیش کیے گئے۔

وجهة النظر و زاوية النظر على المؤتمر الدولي من ناحية الحضور– وطلبي–

حضرت في المؤتمر الدولي الاول لقسم التاريخ الاسلامي و الحضارة الاسلامية على موضوع: السيرة النبويةﷺ في القديم والحديث

هذا المؤتمر مهم جداً لنشر الدعوة الاسلامية والسيرة النبوية الشريفة أشكر لأستاذ الدكتور عبدالفتاح فتحي، رئيس قسم التاريخ الاسلامي جامعة قاهره مقرر المؤتمر والأستاذ الدكتور محمد صالح توفيق عميد كلية دارالعلوم جامعة قاهره و رئيس المؤتمر و لجميع الأستاذه والحاضرين–

فالحمد لله كل الحمد استفدت منه كثيراً جداً حتى تمنيت ان يقام مثل هذا المؤتمر سنويا و تطبع المقالات الملقاة في المؤتمر ليستفيد منها العوام والخواص–

وأرجو منكم ان ترسلوا الي نسخة منها حتى يستفيد أبناء كم المسلمين خارج

© rasailojaraid.com